جلد:۶۳ شمارہ: ۱ (جولائی–ستمبر ۲۰۲۵ء)
DOI: https://doi.org/10.52541/fn.v63i1.7099

کرپٹو کرنسی کے جواز وعدم جواز کے متعلق اہل علم وافتا کی آرا کا تجزیاتی وتنقیدی مطالعہ

محمد بلال ابراہیم بربری ۞

A Critical and Analytical Study of the Opinions of Shari'ah Scholars and *Muftīs* Regarding Permissibility and Non-Permissibility of Cryptocurrency

Muhammad Bilal Ebrahim Berberi۞

Abstract: In the Muslim world, there exist two opinions regarding crypto-currency. The majority of the Muslim scholars is of the opinion that crypto-currency is not Shari'ah compliant and therefore the matters related to it are impermissible and *harām* while the other group of scholars see crypto-currency, either as an asset or a type currency, which is Shari'ah compliant with certain conditions and restrictions and therefore, according to them, the matters associated with it are permissible and *halāl*. This disagreement among scholars leads to a general hesitation among Muslim community worldwide about acquiring and dealing with crypto-currency. However, remaining isolated and unconcerned from such a contemporary, vast and ever-growing capital market is not good for the Muslims in particular and for the global economy in general. There is a persistent need of a consensus through discussion and serious consideration of the arguments presented from both sides. The paper under review is one such attempt. In this paper, the arguments presented by the proponents and opponents of crypto-currency have been analyzed in the light of Shariah principles as elaborated in *fiqh al-mu'āmlāt*.

After introducing the subject in the first section, I discuss the opinions of economists and Sharia jurists about the characteristics of *māl* and money along with their definitions. The third section defines the terminologies related to crypto-currency/coin/token, familiarity with which is essential for understanding the topic, followed by the different purposes of crypto-currency, kinds of crypto assets and the ways those are traded in the markets. The fourth section outlines the arguments of those scholars who question the legitimacy of the crypto-currencies followed by the arguments in the fifth section from the scholars who consider these currencies as legitimate. In the sixth section, I present a point-by-point critical and analytical discussion in the form of

۞ لیکچرار، اسلام آباد ماڈل کالج برائے طلبا (ڈگری)، سہالہ، اسلام آباد۔
۞ Lecturer, Islamabad Model College for Boys (Degree), Sihala, Islamabad

questions on the arguments from both sides, while the summary of the paper along with conclusive remarks are covered in last section.
Keywords: cryptocurrency, digital assets, crypto assets, virtual currency, bitcoin, tokenization, Fiqh al-Mu'āmalāt.

Summary of the Article:

1. Introduction and Background: Cryptocurrency emerged with Bitcoin's launch in 2009, based on a concept introduced in 2008 by the mysterious figure known as "Satoshi Nakamoto." This decentralized digital currency revolutionized the idea of money by removing centralized authorities. From just 50 cryptocurrencies in 2013, the market has since exploded to nearly 23,000 tokens by November 2023, with around 10,000 actively traded and a global market capitalization of $2.57 trillion as of March 2023. Within the Muslim world, opinions among scholars are divided. Approximately 70% declare cryptocurrencies haram (prohibited), mainly due to their decentralized nature and lack of formal issuing authority. Conversely, about 30% allow conditional permissibility, arguing that widespread public acceptance can confer legitimacy under Shariah law. This split creates uncertainty among Muslims about engaging with crypto markets, potentially putting them at an economic disadvantage as this sector grows rapidly. This paper advocates for a careful, collective scholarly consensus that thoughtfully weighs both perspectives.

2. Conceptual Foundations: Wealth, Currency, and Money in Islamic and Economic Thought

- **Islamic Jurisprudence on Wealth ("مال"):** Understanding "مال" (wealth) and "مال متقوم" (legally recognized valuable wealth) is essential. Different Islamic schools—Hanafi, Maliki, Shafi'i, Hanbali—offer varied criteria for what counts as wealth or currency. For example, Hanafis distinguish between valuable and non-valuable assets, allowing ownership even if transaction permissibility is limited in some cases.
- **Linguistic and Economic Definitions:** In Arabic, "نقد" generally refers to gold, silver, or any medium of exchange, while Urdu word "زر" often means coins. Economists define money as an asset widely accepted for purchases, serving three key functions: medium of exchange, unit of account, and store of value. Mufti Taqi Usmani echoes this, emphasizing that money must be conventionally accepted and preserve value.
- **Classification of Money:**
    - Commodity money: Tangible items with intrinsic value (e.g., gold, silver)
    - Fiat money: Paper currency backed by government trust without intrinsic value
    - Fiduciary money: Instruments like checks, backed by issuer promises
    - Electronic money: Digital forms of fiat currency, such as mobile payments

- **Stability and Legitimacy:** Classical scholars stressed the importance of value stability to prevent market disruptions. Modern economists and Islamic jurists similarly agree that wide acceptability, price measurement capability, and value storage are key features of money.

3. **Cryptocurrency: Definitions and Technical Overview**
   - Digital currency refers broadly to electronically existing money, whether government-backed (electronic money) or privately created (virtual currency).
   - Cryptocurrencies are virtual currencies secured by cryptography, decentralized and tamper-proof.
   - Altcoins refer to cryptocurrencies other than Bitcoin and Ethereum.
   - Central Bank Digital Currency (CBDC) is government-issued digital fiat currency without blockchain consensus mechanisms.
   - Blockchain is a decentralized ledger storing transactions in immutable blocks, secured by cryptographic hashes.
   - Consensus mechanisms include Proof of Work (PoW), which relies on computational mining, and Proof of Stake (PoS), where validators stake coins to verify transactions.
   - Wallets hold private keys and public addresses for storing crypto.
   - Exchanges provide platforms for crypto trading, ranging from centralized to decentralized and hybrid models.
   - ICOs (Initial Coin Offerings) and ITOs (Initial Token Offerings) are fundraising methods, with ICOs typically less regulated.

4. **Historical and Economic Context**: Money has evolved from tangible assets like gold receipts to state-backed fiat currencies relying on trust. Cryptocurrency was introduced to remove state control and intermediaries, using blockchain technology to ensure secure, transparent transactions. The timestamp server prevents double-spending by maintaining chronological transaction order.

5. **Classification of Crypto Assets**
   - **Fungible tokens:** Interchangeable, like Bitcoin and Ethereum.
   - **Non-Fungible Tokens (NFTs):** Unique, indivisible assets such as digital art.
   - **Coins vs. Tokens:** Coins serve as money, while tokens represent rights or assets.
   - **Stablecoins:** Pegged to assets or algorithms to reduce volatility.
   - **Meme coins:** Created primarily for entertainment, lacking intrinsic utility.
   - Other tokens include utility, asset-backed, revenue, equity, and buy-back types, each serving distinct functions.

6. **Islamic Scholarly Positions on Cryptocurrency**: On September 23, 2022, the International Union of Muslim Scholars declared cryptocurrency use and creation haram. Similar prohibitive fatwas have been issued by Islamic authorities in Saudi Arabia, Libya, Syria, the UAE, and India. Overall, about 70% of global Islamic rulings on crypto prohibit it, while 30% allow conditional permissibility.

7. Arguments Against Cryptocurrency

1. Lack of Physicality and Stability: Cryptos lack tangible form and stable intrinsic value.
2. Failure as Currency: Due to volatility and complexity, cryptocurrencies often fail as reliable media of exchange, units of account, or stores of value.
3. No State Guarantee: Issuing currency is traditionally a sovereign right, and cryptos lack government backing or physical assets.
4. Contradiction with Maqāsid al-Sharīʻah: Cryptos encourage speculation over productive investment, conflicting with Shariah's emphasis on real economic activity and justice.
5. Gharar (Uncertainty) and Qimār (Gambling): Price volatility and risks liken crypto trading to gambling, which is prohibited.
6. Harmful Uses and Economic Risks: Crypto's use in money laundering, tax evasion, and criminal activities violates public interest, justifying prohibition through "sadd al-dharāʼiʻ" (blocking harm).

8. Arguments Supporting Permissibility

1. Presumption of Permissibility: Financial matters are lawful unless explicitly forbidden, and crypto meets key criteria.
2. Qualifies as Wealth (Māl): Increasing public demand and digital wallets reflect its value as property.
3. Fits Economic Definitions: It serves as a medium of exchange, unit of account, and store of value in active markets.
4. Public Acceptance: Shariah permits widely accepted assets as currency, even without state sanction.
5. Meets Classical Currency Requirements: Money need not be physical to be known, valuable, present, and usable.
6. Customary Practice (Taʻāmul): If society agrees on using crypto, state backing isn't necessary.
7. Potential for Decentralized Monetary Systems: Trustworthy, secure decentralized currencies could fulfill money functions and align with Shariah principles.

9. Critical Evaluation of Scholarly Arguments: The debate is often overly binary—cryptocurrency is diverse, and tokens vary in use. Cryptos, though intangible, function as real assets much like electricity. The government monopoly on currency is challenged by history and economics, where public acceptance legitimizes money. While volatility is a valid concern, fiat currencies also face inflation and instability. Speculation currently dominates crypto markets, clashing with Islamic finance ideals. Risks like hacking exist but aren't unique to crypto. Illegal uses don't inherently make the asset impermissible; misuse is distinct from the asset itself.

10. Conclusions and Recommendations: There is no single, definitive form of "price" or "consideration" in Islamic sales; any valuable item can serve. Cryptocurrencies, widely accepted and traded, qualify as "mal mutaqawwam" (valuable assets). Arguments based solely on lack of physicality or utility are weak. Given risks of fraud and lack of regulation, a cautious approach is

warranted, with central bank digital currencies offering potentially safer alternatives. Due to misuse, speculation, and volatility, cautious avoidance and regulatory oversight are advisable. Scholars should avoid blanket rulings and pursue nuanced, case-by-case assessments. Until robust governance and safeguards exist, Muslims should approach crypto investments cautiously, prioritizing compliance with Shariah and national laws.

۞۞۞۞۞

۱– تعارف

سن ۲۰۰۹ء میں بٹ کوائن نامی کرپٹو کرنسی کا اجرا، کرنسی کی ایک بالکل نئی شکل کی ایجاد کے طور پر ہوا، جس کا تصور "ستوشی ناکاموٹو" نامی نامعلوم شخص نے سن ۲۰۰۸ء میں اپنے ایک مقالے میں پیش کیا تھا۔ ناکاموٹو کے پیش کردہ بنیادی تصور کے مطابق کرپٹو کرنسیوں کے اجرا کا ایک سلسلہ شروع ہو گیا، ۲۰۱۳ء تک ان کرنسیوں کی تعداد پچاس ہوئی، ۲۰۱۴ء کے آخر تک یہ تعداد دس گنا بڑھ کر پانچ سو ہو گئی، نومبر ۲۰۲۳ء تک تقریباً تیئیس ہزار کرپٹو کرنسیاں/ٹوکنز وجود میں آچکی ہیں، جن میں سے تقریباً دس ہزار کرنسیاں/ٹوکنز اس وقت مارکیٹ میں فعال ہیں،[۱][۲] آج کی تاریخ ۲۴/مارچ ۲۰۲۳ء میں کرپٹو کی عالمی مارکیٹ میں تقریباً ساڑھے تیرہ ہزار کرپٹو کرنسیوں کی لین دین میں گردش کرنے والے کل سرمائے کا حجم ۲.۵۷ ٹریلین ڈالر ہے۔[۳] مسلم دنیا میں اس وقت کرپٹو کرنسی کے حوالے سے بنیادی طور پر دو موقف پائے جاتے ہیں، ایک موقف کرپٹو کرنسی کے غیر شرعی ہونے اور اسی بنا پر اس سے وابستہ معاملات کے علی الاطلاق ناجائز اور حرام ہونے کا ہے، جب کہ دوسرا موقف مخصوص شرائط اور قیود کے ساتھ کرپٹو کرنسی کے شرعی اثاثہ/کرنسی ہونے اور اسی بنا پر اس سے وابستہ معاملات کے مباح اور حلال ہونے کا ہے، تاحال پہلے موقف کے حامل اہل علم وافتا کا تناسب ؛ستر فیصد، جب کہ دوسرے موقف کے حامل اہل

1- Howarth, Josh. "How Many Cryptocurrencies Are There In 2023?" Exploding Topics, accessed March 14, 2023. https://explodingtopics.com/blog/number-of-cryptocurrencies. Accessed 01/07/2023

2- Investing.com. "All Cryptocurrencies - Investing.Com," n.d. https://www.investing.com/crypto/currencies. accessed 01/07/2023

3- https://www.forbes.com/digital-assets/crypto-prices/?sh=49caf5192478 accessed March 24, 2024

علم وافتا کا تناسب؛ تیس فیصد ہے۔[۴] پہلے موقف کے حاملین کی بنیادی دلیل فقہ المعاملات کے قواعد کی رو سے ان کرنسیوں کی لامرکزیت(Decentralization)، اور ان کے اجرا کنندگان کا کرنسی کے اجرا کے لیے مجاز (Authorized) نہ ہونا ہے، جب کہ دوسرے موقف کے حاملین کی بنیادی دلیل کسی بھی چیز کے زر بننے / بن سکنے کی بنیادی شرط عوامی عرف / تعامل اور اصطلاح کا پایا جانا ہے۔[۵]

اہل علم وافتا کے اس اختلاف کی بنا پر مسلم دنیا میں کرپٹو کرنسی کے متعلق بالعموم تذبذب یا توقف کا رویہ پایا جاتا ہے، تاہم سرمائے کے اتنے وسیع اور روز افزوں حجم رکھنے والے بازار سے مسلمانوں کی بڑی تعداد کا غیر متعلق رہنا عالمی معیشت کے لیے بالعموم اور مسلم دنیا کے لیے بالخصوص نقصان دہ ہو سکتا ہے، اس لیے ضرورت اس امر کی ہے کہ دو طرفہ پیش کردہ دلائل کے متعلق سنجیدہ غور وفکر کر کے، مباحثہ ومذاکرے کے ذریعے ایک اجماعی اور متفقہ موقف اختیار کیا جائے، اگر مجوزین کے دلائل میں وزن ہو تو اس موقف پر اتفاق کر لیا جائے اور اگر مانعین کے دلائل میں وزن ہو، تو کرپٹو کرنسی کا ایسا شرعی متبادل تجویز کیا جائے جس میں ان خرابیوں کو دور کر دیا گیا ہو جن کی وجہ سے شرعی طور پر کرپٹو کرنسی کے معاملات کو ناجائز اور حرام قرار دیا گیا ہے۔ زیر نظر مقالے میں فقہ المعاملات کے بنیادی قواعد اور متفقہ ومسلمہ اصول افتا کی روشنی میں کرپٹو کرنسی کے مجوزین اور مانعین کے پیش کردہ دلائل کا تجزیاتی مطالعہ کیا گیا ہے، اس پیش رفت کا مقصد ایک اجماعی اور متفقہ موقف کی طرف بڑھنے کے امکانات پیدا کرنے کی ایک سعی اور کوشش ہے۔

موضوع کے تعارف پر مشتمل پہلے حصے کے بعد مقالے کے دوسرے حصے میں علماے معیشت اور فقہاے شریعت کی آرا کی روشنی میں مال اور زر کی حقیقت اور خصوصیات کی بابت گفت گو کے ساتھ ساتھ مال اور زر کی مروج ومقبول اقسام کی تعریفات پیش کی گئی ہیں، تیسرے حصے میں سب سے پہلے کرپٹو کرنسی / کوائن / ٹوکن سے متعلق ان اصطلاحات کا تعارف پیش کیا گیا ہے جن کی واقفیت موضوع کی تفہیم کے لیے از حد ضروری ہے، اس کے بعد کرپٹو کرنسی کے مقصدِ ایجاد، کرپٹو اثاثہ جات کی اقسام اور طریقہ تعامل کے موضوعات زیر بحث لائے گئے

۴- الأمانة العامة لدور وهيئات الإفتاء في العالم. "البيتكوين' بين التحريم والإجازة.. والمؤشر يبرز انعاكساتها على تنمية المجتمعات ومواردها المالية" -الأمانة العامة لدور وهيئات الإفتاء في العالم، accessed April 19 2024 http://www.fatwaacademy.org/gossour/viewIssueitem?id=378

۵- مقالے میں آئندہ پہلے موقف کے حال اہل علم کو مجوزین اور دوسرے موقف کے حامل اہل علم کو مانعین کے عنوان سے ذکر کیا جائے گا۔

ہیں۔ مقالے کا چوتھا حصہ کرپٹو کرنسی کے متعلق عدم جواز کی رائے رکھنے والے اہل علم وافتا کے استدلالات اور پانچواں حصہ جواز کی رائے رکھنے والے اہل علم وافتا کے استدلالات کے بیان پر مشتمل ہے۔ چھٹے حصے میں مانعین و مجوزین کے استدلالات پر سوالات کے انداز میں نکات وار تنقیدی و تجزیاتی گفت گو کی گئی ہے اور ساتویں حصے میں بہ طور خلاصہ، نتائج بحث ذکر کیے گئے ہیں۔

۲–مال اور زر؛ حقیقت، خصوصیات اور بنیادی اقسام

چوں کہ ہماری بحث بنیادی طور پر مال اور زر سے متعلق ہے اور قاعدہ ہے کہ کسی بھی چیز پر کوئی بھی حکم اس کی حقیقت کو مکمل جان لینے کے بعد ہی لگایا جاسکتا ہے،[۶] اس لیے سب سے پہلے مال اور زر کی حقیقت اور خصوصیات کی وضاحت ضروری ہے، چناں چہ اس حصے میں فن معاشیات اور فقہ اسلامی کی روشنی میں بہ اختصار مال اور زر کی حقیقت، خصوصیات اور بنیادی اقسام کی وضاحت کی جائے گی۔

۲.۱– "مال"/Property (جائیداد، ملکیت، مال)/Asset (اثاثہ) حقیقت اور خصوصیات

۲.۱.۱– فقہاو علماے معاشیات کے مطابق: مال/Property/Asset کے لغوی مفاہیم

ابن نجیمؒ (بہ حوالہ المعراج) اور ابن منظورؒ کے مطابق ہر وہ چیز جس کا انسان مالک بن سکتا ہے، وہ مال ہے، المغرب اور المصباح کے مطابق یہ مال کے لغوی معنی ہیں،[۷] "مال" کے اس مفہوم کی تعبیر کے لیے انگریزی زبان میں؛ Property اور Asset کے الفاظ مستعمل ہیں، ادارہ فروغِ قومی زبان کی مرتب کردہ لغت میں انگریزی زبان کے لفظ پراپرٹی (Property) کے ایک معنی؛ مملوکہ مال اور مقبوضہ املاک مذکور ہیں،[۸] جب کہ

۶– احمد بن محمد حنفی الحموی، **غمز عیون البصائر شرح الأشباه والنظائر**، كتاب القضاء والشهادات والدعاوي (بیروت: دار الکتب العلمیة، ۱۹۸۵ء)، ۲: ۳۱۴۔

۷– ابو الفتح ناصر الدین المطرزی، **المغرب في ترتيب المعرب**، مادة: مول (سوریہ: مكتبة أسامة بن زيد)، ۲: ۲۷۲؛ الفیومی، **المصباح المنير في غريب الشرح الكبير**، مادة: مول (بیروت: دار الكتب العلمية)، ۲: ۸۰۵؛ جمال الدین بن منظور الرویفعی الافریقی، **لسان العرب**، مادة: مول (بیروت: دار صادر، ۱۴۱۴ھ)، ۴۳۰۰؛ زین الدین بن ابراہیم ابن نجیم الحنفی، **البحر الرائق شرح كنز الدقائق**، كتاب البيع (بیروت: دار الكتب العلمية، ۴: ۴۳۰۔

۸– آن لائن قومی انگریزی اردو لغت، لفظ؛ "Property"
https://nlpd.gov.pk/apps/englishurdudictionary/search.php

اسی لغت میں لفظ Asset (اثاثہ)، کے ایک معنی ان املاک اور مالی اسباب کے بھی ہیں جو قرضوں اور واجبات کی ادائی کے لیے ہوں،[۹] انویسٹوپیڈیا(Investopedia) کے مطابق پراپرٹی(Property) کسی شخص یا کاروبار کی ایسی مملوکہ چیز کو کہتے ہیں جس پر اس کے مالک کو مخصوص قابل تنفیذ حقوق حاصل ہوتے ہیں۔[۱۰][۱۱] اور اثاثہ(Asset)؛ معاشی قدر رکھنے والے ایسے ذریعہ ووسیلہ کو کہاجاتا ہے جو کسی شخص، کارپوریشن یا مُلک کی ملکیت میں یا زیر تصرف ہو اور جس سے مستقبل میں کسی منفعت کے حصول کی امید ہو۔[۱۲] غور کرنے سے واضح ہوتا ہے کہ پراپرٹی اور اثاثہ دونوں ہی کے مفاہیم عربی زبان کے لفظ؛"مال" کی تعریف میں پائے جاتے ہیں۔

۲.۱.۲– فقہی مکاتب فکر کے مطابق "مال" کا اصطلاحی واطلاقی مفہوم

ابن عابدین حنفیؒ مال کی اصطلاحی تعریف کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ؛ جس چیز کی طرف انسانی طبیعت مائل ہو اور اس کو بوقت ضرورت حاجت برآری کے لیے محفوظ رکھا جاسکے وہ مال ہے۔ عامۃ الناس یا کچھ لوگوں کے ہاں کسی چیز کے مال شمار ہونے (یعنی بوقت ضرورت حاجت برآری کے لیے محفوظ رکھنے) سے وہ چیز مال بن جاتی ہے۔[۱۳] مالکیہ میں سے شاطبیؒ کہتے ہیں کہ جس چیز پر ملکیت ثابت ہوسکے اور درست ذریعے سے حاصل کرنے کے بعد اس کا مالک اس میں تصرف کی بابت بااختیار ہو تو وہ مال ہے، ابن العربی مالکیؒ کے ہاں مال وہی ہے جس کے حصول کی انسان کو لالچ ہو، نیز عادتاً اور شرعًا دونوں اعتبار سے وہ چیز قابل انتفاع ہو۔ عام طور پر جو چیز لوگوں کے ہاں مال شمار ہوتی ہو اور جس کو بالعوض فروخت کرنا جائز ہو، عبد الوہاب بغدادیؒ کے ہاں وہ "مال" ہے، یہ بھی مالکی فقہا میں

۹– آن لائن قومی انگریزی اردو لغت، لفظ؛"Asset"
https://nlpd.gov.pk/apps/englishurdudictionary/search.php

10– Andrew Bloomenthal, "What is Property?" Investopedia, accessed April 12, 2024
https://www.investopedia.com/terms/p/property.asp

11– Shariah Analysis of Bitcoin, Cryptocurrency, and Blockchain Mufti Muhammad Abu-Bakar
Cryptocurrency: Financial Risk and Shariah-Compliant Alternative Concept
https://www.investopedia.com/terms/p/property.asp#:~:text=Property%20is%20any%20item%20that,as%20stock%20and%20bond%20certificates.

12– The Investopedia Team, "What is an Asset?" Investopedia, accessed April 12, 2024
https://www.investopedia.com/terms/a/asset.asp

۱۳– محمد امین الشامی ابن عابدین، **رد المحتار**، کتاب البیوع (ریاض: دار عالم الکتب، ۲۰۰۳)، ۷: ۱۰۔

سے ہیں۔ شافعیہ میں سے زرکشیؒ کے ہاں جو چیز قابل انتفاع ہو وہ "مال" ہے، امام سیوطی شافعیؒ نے امام شافعیؒ سے نقل کرتے ہوئے ذکر کیا ہے کہ لفظ "مال" کا اطلاق صرف اسی چیز پر کیا جاسکتا ہے جس کو قیمت کے عوض ہی بیچا جاسکے، چاہے وہ کم قیمت ہی کیوں نہ ہو، اسی طرح اس کے ضائع کرنے والے پر اس قیمت کا ضمان عائد ہو سکے، نیز وہ لوگوں کے ہاں کم از کم اتنی قدر رکھتی ہو کہ وہ اس کو لاپروائی سے پھینکتے اور ضائع نہ کرتے ہوں۔ حنابلہ کے ہاں جس چیز سے نفع اٹھانا مباح ہو یا جس چیز کا حصول اور اس کو رکھنا بلاضرورت وحاجت بھی مباح ہو، شرعی اعتبار سے اسی چیز پر لفظ "مال" کا اطلاق ہو گا۔[۱۴]

۲.۱.۳– مال متقوم اور مال غیر متقوم؛ تقسیم و تفہیم

حنفیہ کے ہاں چوں کہ کسی چیز کے فی ذاتہ مال ہونے کے لیے (۱) عینیت (۲) علی الاطلاق قابل انتفاع ہونا (۳) اور لوگوں کا اس کو "مال" سمجھنا کافی ہے، انتفاع کا شرعاً مباح ہونا شرط نہیں، اس لیے ان کے ہاں مال کی دو قسمیں ہیں؛ (۱) متقوم؛ جو شرعاً بلا اضطرار مباح الانتفاع ہو، اور (۲) غیر متقوم؛ جو شرعاً بلا اضطرار مباح الانتفاع نہ ہو، چناں چہ شراب اور خنزیر مسلمان کے لیے مال متقوم نہیں، البتہ ذمی کے لیے مال متقوم ہے۔ مال متقوم مضمون اور شرعاً قابل تصرف ہوتا ہے، جب کہ مال غیر متقوم غیر مضمون اور شرعاً ناقابل تصرف ہوتا ہے۔ حنفیہ کے ہاں مالیت اور تقوم میں بھی تلازم نہیں، ابن نجیمؒ کے مطابق مالیت اور تقوم میں عموم وخصوص من وجہ کی نسبت ہے، وہ کہتے ہیں: "جس مباح کو لوگ مال نہ قرار دیتے ہوں وہ متقوم تو ہے، لیکن مال نہیں، جیسے گندم کا ایک دانہ اور جس چیز میں میں وصف مالیت تو ہے، لیکن وہ شرعاً مباح نہیں، وہ مال تو ہے، لیکن متقوم نہیں، جیسے شراب، اگر کوئی چیز شرعاً مباح بھی نہ ہو اور اس میں وصف مالیت بھی نہ ہو وہ نہ مال ہے اور نہ متقوم"[۱۵] ابن عابدینؒ کے ہاں ان دونوں میں نسبت عموم وخصوص مطلق ہے، مالیت؛ عام، اور تقوم خاص ہے، اس لیے کہ وہ چیز جس کو وقت ضرورت کے لیے محفوظ کرنا ممکن ہو وہ مال ہے، چاہے مباح ہو یا نہ ہو، لیکن متقوم ہونے کے لیے کسی چیز کا شرعاً مباح ہونا بھی ضروری ہے، چناں چہ شراب مال تو ہے، لیکن متقوم نہیں۔[۱۶]

۱۴– **الموسوعة الفقهية الكويتية**، مادة: المال (کویت: وزارة الاوقاف والشؤون الاسلامية،۱۹۹۶ء)،۳۶: ۳۱– ۳۲۔

۱۵ – ابن نجیم،**البحر الرائق**،۴: ۴۳۱۔

۱۶– ابن عابدین،**رد المحتار**،۷: ۱۳۔

یہاں ایک اور مسئلہ قابل ملاحظہ یہ ہے کہ حنفیہ کے ہاں ملکیت اور تقوم میں تو منافات نہیں، مال غیر متقوم پر ایک مسلمان کی ملکیت ثابت ہو سکتی ہے، چناں چہ مسلمان کی ملک میں موجود حلال مشروب، سڑ کر سر کہ بن جائے، تو ملکیت بہر حال قائم رہے گی، اس لیے کہ ملکیت کے ثبوت کے لیے وصف مالیت ضروری ہے، وصف تقوم ضروری نہیں، لیکن کسی چیز میں وصف تقوم نہ ہو تو اس چیز پر کوئی معاملہ منعقد نہیں ہو سکتا۔[۱۷] حنفی فقہا کے ہاں جو چیز محرز (یعنی زیر اختیار وتصرف) نہ ہو اس پر بھی غیر متقوم کا اطلاق ہوتا ہے، چناں چہ سمندر میں مچھلی، بدکا ہوا جانور، جنگل میں لگا درخت، اور ہوا میں اڑتا پرندہ، یہ سب اس وقت تک غیر متقوم ہیں جب تک کہ مچھلی، جانور اور پرندے شکار کرکے اور جنگل سے درخت کاٹ کر زیر اختیار وتصرف نہ آجائیں۔[۱۸]

جمہور فقہا کے ہاں کسی چیز میں وصف مالیت کے ثبوت کے لیے اس کا شرعاً مباح ہونا بھی ضروری ہے، چناں چہ شرعاً غیر مباح چیز علی الاطلاق مال ہی نہیں، یہی وجہ ہے کہ تقوم اور عدم تقوم کی وہ تفصیل جو حنفی فقہا کے ہاں پائی جاتی ہے، ان کے ہاں نہیں، بلکہ ان فقہا کے مطابق جو چیز لوگوں کے ہاں قیمت رکھتی ہو وہ متقوم اور جس چیز کی لوگوں کے ہاں کوئی قیمت نہ ہو وہ غیر متقوم ہے، چناں چہ شافعی اور حنبلی فقہا کے ہاں تو شراب اور خنزیر علی الاطلاق، مسلمان اور ذمی کسی کے لیے بھی مال ہیں ہی نہیں، اس لیے ان کے ضائع کرنے والے پر کوئی ضمان عائد نہیں ہوگا، جب کہ مالکی فقہاء ذمی کی مملوکہ شراب کو مال قرار دیتے ہیں اور حنفی فقہا کے ساتھ اتفاق کرتے ہوئے اس کو مضمون کہتے ہیں، تاہم تقوم اور عدم تقوم کی بابت مالکی فقہا، حنفی فقہا کی اصطلاح سے متفق نہیں۔[۱۹]

۲.۲- زر/نقد/Currency/Money(کرنسی) حقیقت اور خصوصیات

۲.۲.۱-زر/نقد/Money(منی)/Currency (کرنسی) کے لغوی واصطلاحی مفاہیم

عربی زبان میں زر کو "نقد" کہتے ہیں، لغوی اعتبار سے سونے، چاندی سمیت ذریعہ تبادلہ بننے والی ہر چیز زر/نقد کہلاتی ہے،[۲۰] قومی انگریزی اردو لغت کے مطابق سکہ، رقم، زر، دولت، روپیہ، نقدی سونا وچاندی یا دوسری دھات جو سرکاری اختیار سے مہر شدہ ہو اور ذریعہ مبادلہ کے طور پر استعمال ہوتی ہو Money کہلاتی

۱۷- نفس مرجع، ۷: ۱۸۔

۱۸ - علی حیدر، **درر الحکام شرح مجلة الأحکام**، مادة نمبر: ۱۲۷ (ریاض: دار عالم الکتب، ۱۹۹۱ء)، ۱: ۱۱۶۔

۱۹ - **الموسوعة الفقهية الكويتية**، مادة: المال، ۳۶: ۳۵۔

۲۰- نفس مرجع، مادة: النقد، ۴۱: ۱۳۹۔

ہے،[۲۱] جب کہ سکہ رائج اور عام مقبولیت رکھنے والا ذریعہ وزر مبادلہ Currency کہلاتا ہے،[۲۲] مانکیو (Mankiw) کے مطابق Money؛اثاثہ جات کا وہ مجموعہ ہے جسے لوگ اشیا وخدمات کی خریداری کے لیے استعمال کرتے ہیں،[۲۳] میک ایشرن (McEachern) کہتے ہیں؛ جو سامان کسی بھی معیشت میں بھرپور قبولیت عامہ حاصل کرلے وہ Money بن جاتا ہے،[۲۴] گروتھ (Groth) کہتے ہیں؛ فن معاشیات میں Money (قدر کا تحفظ کرنے والے) ایسے اثاثے کو کہتے ہیں جو آلۂ تبادلہ کے طور پر بالعموم مقبول ہو اور اصولی طور پر اس کے ذریعے کوئی بھی چیز خریدی جاسکتی ہو۔[۲۵]مفتی تقی عثمانی کہتے ہیں کہ زر وہ چیز ہے عرفاً آلۂ مبادلہ کے طور پر استعمال ہوتی ہو اور وہ قدرِ زر کا پیمانہ ہو اور اس کے ذریعے مالیت کو محفوظ کیا جاتا ہو، فن معاشیات پر بنیادی کتب لکھنے والے متعدد ماہرین معاشیات[۲۶] نے money کی جو تعریفات ذکر کی ہیں، مفتی تقی عثمانی کی ذکر کردہ تعریف کو ان کا خلاصہ کہا جاسکتا ہے۔ عموماً زر اور کرنسی دونوں کا اطلاق یکساں مفہوم ہی پر ہوتا ہے، تاہم ان میں فرق ہے،[۲۷] ہر وہ چیز جو آلۂ تبادلہ کے طور پر استعمال ہوتی ہو اس پر زر کا اطلاق کیا جاسکتا ہے، جب کہ کرنسی عام طور پر کسی حکومت کا جاری کردہ اور ترویج یافتہ زر ہوتا ہے،[۲۸] حاصل یہ کہ زر عام ہے اور کرنسی خاص ہے، ہر کرنسی پر زر کا اطلاق تو ہوگا لیکن ہر زر کرنسی نہیں ہوتا۔[۲۹]

۲۱– آن لائن قومی انگریزی اردو لغت، لفظ؛"Money"
https://nlpd.gov.pk/apps/englishurdudictionary/search.php

۲۲– آن لائن قومی انگریزی اردو لغت، لفظ؛"Currency"
https://nlpd.gov.pk/apps/englishurdudictionary/search.php

۲۳– Gregory Mankiw, *Principles of Economics*, 6th ed., Part II, Ch. 04: "Money and Inflation", (South-Western College Publication 2012), 76.

24– William A. McEachern, *Economics: A Contemporary Introduction*, 9th ed., 2011, Ch. 28: Money and the Financial System, 623.

25– Mufti Faraz Adam, Bitcoin: Shariah Compliant, https://www.lopp.net/pdf/theses/Bitcoin-Shariah-Compliant.pdf.accessed April, 12, 2024.

۲۶– مثلاً: جیوفری کراوتھر (Geoffery Crowther)، فریڈرک مشکن (Fredrick S. Mishkin)، کیول کرشن (Kewal Krishan)، اور ڈاکٹر عدنان خالد ترکمانی وغیرہ۔

27– The Investopedia Team, "Currency; What It Is..?" Investopedia, accessed April 12, 2024
https://www.investopedia.com/terms/c/currency.asp#:~:text=The%20terms%20money%20and%20currency,one%2C%20tangible%20form%20of%20money.

28– Ibid.

۲۹– عصمت اللہ، **زر کا تحقیقی مطالعہ** (کراچی: ادارۃ المعارف، ۲۰۰۹ء)، ۴۵– ۴۶۔

۲.۲.۲- فقہاے شریعت اور علماے معاشیات کے مطابق زر کی حقیقت و خصوصیات

فقہا کے ہاں لفظ "نقد" بہ طور اصطلاح تین مفاہیم میں مستعمل ہے: (۱) علی الاطلاق سونا اور چاندی (۲) خاص سونے اور چاندی کے ڈھلے ہوئے سکے، (۳) عامۃ الناس کے ہاں ذریعہ تبادلے کے طور پر استعمال ہونے والی ہر چیز مثلاً سونا، چاندی تانبا، چمڑا، کاغذ وغیرہ جو عامۃ الناس کے ہاں قابل قبول ہو، سب ہی پر زر / نقد کا اطلاق ہوتا ہے، زیر نظر بحث میں زر کا یہی مفہوم مراد ہے۔[۳۰] علماے معاشیات کے ہاں زر کی تین خصوصیات ہیں؛(۱) بہ طور آلۂ تبادلہ مقبول عام ہو(۲) اشیا کی قیمتوں کا پیمانہ ہو(۳) قدرِ دولت کا تحفظ کرتی ہو، چناں چہ جس چیز میں یہ تین خصوصیات متحقق ہوں وہ چیز زر شمار کی جاے گی۔[۳۱]

ابن منیعؒ کے مطابق دوسری اور تیسری خصوصیات، پہلی خصوصیت کو لازم ہیں، اس کے برعکس ایسا ہو سکتا ہے کہ کسی چیز میں دوسری اور تیسری خصوصیات یکجا یا علاحدہ علاحدہ پائی جائیں، لیکن آلۂ تبادلہ کے طور پر قبول عام نہ ہونے کی بنا پر وہ چیز زر نہ بن سکے، جب کہ کوئی چیز بطور آلۂ تبادلہ قبول عام حاصل کر لے تو لازمی طور پر وہ قیمتوں کا پیمانہ بھی ہوتی ہے اور قدر دولت کا تحفظ بھی کرتی ہے، اس لیے زر کی جامع اور مانع تعریف یوں کی جا سکتی ہے کہ ہر وہ چیز جس کو بہ طور آلۂ تبادلہ قبول عام حاصل ہو جائے، وہ زر ہے، چاہے وہ کچھ بھی ہو اور کسی بھی حالت میں ہو۔[۳۲]

"ہر چیز" کے زر بن سکنے میں بہت عموم ہے، جس چیز میں نایابی کا وصف کسی بھی وجہ سے پایا جائے وہ زر بن سکتی ہے، سونے اور چاندی میں نایابی کا وصف بھرپور ہے جو ان کی ذات کا حصہ ہے، جب کہ کرنسی نوٹ میں نایابی کا وصف ذاتی نہیں، اس لیے کہ وہ معمولی قیمت کا کاغذی پرزہ ہے، تاہم اس نوٹ کے جاری کرنے والوں کی اقتصادی حالت اور اس پر لوگوں کے اعتماد کو بحال رکھنے اور معاشی افراتفری کی روک تھام کے لیے کیے جانے والے اقدامات اس کاغذی پرزے میں نایابی کا وصف پیدا کرتے ہیں۔[۳۳]

سونا اور چاندی کے بہ طور زر استعمال کی حکمت سے متعلق امام غزالیؒ لکھتے ہیں:

> اللہ تعالیٰ نے سونے اور چاندی کو اس وجہ سے تخلیق فرمایا کہ ان نفیس معدنیات کا ہاتھوں ہاتھ تبادلہ و تعامل ہوتا رہے اور ان کے ذریعے اموال کی قدر کا منصفانہ تعین ہو سکے، نیز ایک حکمت یہ بھی ہے کہ ان کے ذریعے بقیہ تمام اشیا حاصل کی

۳۰- **الموسوعة الفقهية الكويتية**، مادة؛ النقد،۴۱: ۱۷۲۔

۳۱- عبداللہ بن سلیمان بن منیع،**الورق النقدي: تاريخه، حقيقته، قيمته، حكمه** (رياض: ۱۹۸۴ء)،۱۷۔

۳۲- منیع، نفس مرجع، ۱۹۔

۳۳- منیع، نفس مرجع،۲۰۔

جا سکیں، دونوں ہی معدنیات بذاتہا نادر الوجود ہیں، اور دونوں کے اعیان سے کوئی فائدہ حاصل نہیں ہوتا، نیز دیگر اشیا کے مقابلے میں ان دونوں کی حیثیت یکساں ہے، چناں چہ ان کے ذریعے ہر چیز کا حصول ممکن ہے۔[۳۴]

ابن قیمؒ لکھتے ہیں:

چوں کہ ثمن کے ذریعے اشیا کی قیمت لگتی ہے، اس لیے یہ ضروری ہے کہ ثمن؛ محدود بھی ہو اور اس کی قدر میں استقرار اور انضباط ہو، خود ثمن کی قیمت گھٹتی بڑھتی نہ ہو، اس لیے کہ اگر ثمن کی قیمت میں کمی بیشی ہوتی رہے تو وہ خود سامان کی حیثیت اختیار کر جائے گی اور فروخت کردہ چیز کا معیار بن سکنے کی وجہ سے اس میں سے وصفِ ثمنیت ختم ہو جائے گا، زر کی قدر میں ٹھہراو نہ ہو، اتار چڑھاؤ ہوتا رہے تو اس کے ذریعے اشیا کی قیمت نہیں لگائی جا سکے گی اور لوگوں کے باہمی مالی معاملات خراب ہو جائیں گے۔[۳۵]

ابن خلدونؒ کے مطابق تو اللہ تعالی نے سونا اور چاندی دونوں دھاتیں انسانیت کے لیے تخلیق ہی اس حکمت کے واسطے کی ہیں کہ ان کے ذریعے اموال کی قیمت لگائی جائے اور انھیں بوقت ضرورت حاجت بر آری کے لیے حاصل اور بچا کر رکھا جائے، اس کے علاوہ جتنے اموال ہیں ان کے ذریعے بھی بالآخر سونا اور چاندی کا حصول مقصود ہوتا ہے، جس کی وجہ یہ ہے کہ جس طرح دیگر اشیا کی قدر کو طلب ورسد کا اتار چڑھاؤ متاثر کرتا ہے، سونے اور چاندی کی قدر ایسے اتار چڑھاؤ سے عام طور پر محفوظ رہتی ہے۔[۳۶]

۲.۲.۳– زر مروج و مقبول کی چند اقسام

علماے معاشیات نے زر کی چار قسمیں ذکر کی ہیں:

- زر بضاعتی(Commodity Money): ایسا زر جو ذاتی قدر بھی رکھتا ہے اور بہ طور سامان بھی استعمال ہو سکتا ہے، جیسا کہ سونا، چاندی، نمک، جانور، سیپ وغیرہ۔
- زر اعتباری قانونی(Fiat Money): ایسا زر جس کی پشت پر کوئی مادی اثاثہ نہیں ہوتا اور نہ وہ ذاتی قدر نہیں رکھتا، کسی حکومت کے اعتبار اور اعتماد کے باعث اس میں قدر پیدا ہوتی ہے اور طلب ورسد اس قدر میں کمی بیشی کا سبب بنتے ہیں۔ ایسا زر اجرا کنندہ حکومت کے زیر انتظام علاقوں میں قانونی اعتبار سے

۳۴– محمد بن محمد بن محمد الغزالی، إحياء علوم الدين (قاہرہ: دار الشعب)، ۱۲: ۲۲۱۹۔

۳۵– ابو عبد اللہ محمد بن ابو بکر ابن قیم الجوزیہ، إعلام الموقعين عن رب العالمين (ریاض: دار ابن الجوزی، ۱۴۲۳ھ)، ۳: ۴۰۱۔

۳۶– عبد الرحمن ابن خلدون، ديوان المبتدأ والخبر في تاريخ العرب والبربر ومن عاصرهم من ذوى الشأن الأكبر (بیروت: دار الفکر، ۲۰۰۱ء)، ۱: ۴۷۸۔

واجب القبول ہوتا ہے، دنیا بھر میں رائج زر کاغذی عموماً زر اعتباری قانونی(Fiat Money) ہی ہے۔

- زر اعتباری (Fiduciary Money): زر اعتباری قانونی کے برعکس زر اعتباری کو بطور آلہ تبادلہ کے قبول کرنا قانون کی رو سے واجب نہیں ہوتا ہے، ایسے زر کا جاری کنندہ اس بات کا عہد کرتا ہے کہ حامل زر کے مطالبے پر وہ اس زر کے عوض کوئی سامان یا زر اعتباری قانونی مہیا کرے گا، اس کی مثال؛ بینک چیک اور بینک ڈرافٹ وغیرہ ہیں۔
- برقی زر (Electronic Money): وہ زر جو انٹرنیٹ، کمپیوٹر نیٹ ورک یا دیگر برقی آلات کے ذریعے منتقل ہوتا ہے، اس زر کا عملی طور پر ہاتھوں ہاتھ محسوس تبادلہ نہیں ہوتا، بل کہ کسی زر اعتباری قانونی (Fiat Money) کی نمائندگی کرنے والے ہندسے ایک برقی کھاتے سے دوسرے برقی کھاتے میں منتقل ہوجاتے ہیں، اس کی مثال کریڈٹ اور ڈیبٹ کارڈ یا ایزی پیسہ اور جیز کیش وغیرہ کے ذریعے ہونے والی ادائیاں ہیں۔[۳۷]

۳- کرپٹو کوائن / کرنسی اور کرپٹو ٹوکن؛ ضروری اصطلاحات – مشہور اقسام – مقصد ایجاد – طریقہ تعامل

۳.۱- چند ضروری اصطلاحات کی تفہیم

زیر بحث موضوع سے متعلق چند بنیادی اور ضروری اصطلاحات کی مختصر توضیح و تفہیم حسب ذیل ہے:

۳.۱.۱- ڈیجیٹل کرنسی – ورچول کرنسی – کرپٹو کرنسی

ہر وہ زر جو برقی اعداد اور ہندسوں کی صورت میں کمپیوٹر یا موبائل ڈیوائس وغیرہ کی اسکرین پر ظاہر ہوتا ہو وہ ڈیجیٹل منی اور ڈیجیٹل کرنسی کہلاتا ہے،[۳۸] اب اگر برقی صورت میں ظاہر ہونے والے ان ہندسوں اور اعداد کی پشت پر کسی حکومتی مرکزی بینک سے جاری کردہ زر اعتباری ہو اور وہ اس زر اعتباری کی نمائندگی کرتے ہوں نیز بوقت ضرورت مرکزی بینک سے بلاواسطہ یا بالواسطہ ان اعداد اور ہندسوں کا تبادلہ اس زر اعتباری سے کیا جاسکتا ہو تو ایسی ڈیجیٹل کرنسی کو الیکٹرانک منی(Electronic Money) کہا جاتا ہے،[۳۹] اگر یہ اعداد اور

37- Mufti Faraz Adam, "Bitcoin: Shariah Compliant?" 21, 22.

38- The Investopedia Team, "Digital Currency Types..?" Investopedia, accessed April 12, 2024 https://www.investopedia.com/terms/d/digital-currency.asp

39- Andrew Bloomenthal, "What is Electronic Money or eMoney?"

ہندسے کسی حکومتی مرکزی بینک سے جاری شدہ زر اعتباری کی نمائندگی نہ کرتے ہوں بلکہ کمپیوٹر ڈیویلپرز نے نجی طور پر انھیں تخلیق اور جاری کیا ہو، تو ایسی ڈیجیٹل کرنسی کو ورچول کرنسی(Virtual Currency) کہا جاتا ہے۔ کسی بھی معلومات کو خفیہ رموز وعلامات کے ذریعے چھپانے کا عمل کرپٹو گرافی (Cryptography) کہلاتا ہے،[۴۰] چوں کہ اس لامرکزی ورچول کرنسی کے خرچ، انتقال اور تبادلے میں جعل سازی اور دھوکہ دہی کی روک تھام کے لیے کرپٹو گرافی(Cryptography) تکنیک کا استعمال ہوتا ہے، اس لیے ورچول کرنسی کو کرپٹو کرنسی (Cryptocurrency) بھی کہا جاتا ہے۔[۴۱]

۳.۱.۲- آلٹ کوائن (Alt Coin)

یہ دو الفاظ Alternative، اور Coins کا مرکب ہے، یعنی متبادل کوائنز، بٹ کوائن یا بٹ کوائن اور ایتھر کوائن کے علاوہ تمام کرپٹو کرنسیاں اور کرپٹو ٹوکنز آلٹ کوائنز کہلاتے ہیں۔[۴۲]

۳.۱.۳- سینٹرل بینک ڈیجیٹل کرنسی(Central Bank Digital Currency-CBDC)

کسی حکومت کی طرف سے جاری کردہ زر اعتباری کی برقی صورت(Digital Form) سینٹرل بینک ڈیجیٹل کرنسی کہلاتی ہے، اس برقی زر کو بلاک چین یا Consensus الگورتھم کی ضرورت نہیں ہوتی، CBDC کی قدر و قیمت مرکزی بینک ہی کی طرف سے مقرر اور اس ملک کے زر اعتباری(Fiat Currency) کے مساوی ہوتی ہے، CBDC کے اجرا کا مقاصد مالیاتی بازار میں عمومی شمولیت کو فروغ دینا، زری ومالیاتی پالیسی میں سہولت فراہم کرنا، زر اعتباری کی سرحد پار ترسیل پر اٹھنے والے اخراجات کو کم کرنا اور برقی زر کے تبادلے کے لیے محفوظ ذریعہ فراہم کرنا ہیں۔ کئی ممالک CBDC کا اجرا کر رہے ہیں، جب کہ گیارہ ممالک میں ان کا نفاذ بھی

Investopedia, accessed April 12, 2024 https://www.investopedia.com/terms/e/electronic-money.asp#:~:text=eMoney%20vs.,-Cryptocurrency&text=Electronic%20money%20may%20be%20exchanged,without%20government%20control%20or%20regulation.

40- Fortinet, Inc., "What is Cryptography?" accessed April 12, 2024 https://www.fortinet.com/resources/cyberglossary/what-is-cryptography

41- The Investopedia Team, "Cryptocurrency Explained With Pros and Cons for Investment?" Investopedia, accessed April 12, 2024 https://www.investopedia.com/terms/c/cryptocurrency.asp

42– Karl Montevirgen, "Altcoins, coins and token: What's the difference?" Britannica Money, accessed April 14, 2024. https://www.britannica.com/money/what-are-altcoins-tokens

عمل میں آچکا ہے۔[۴۳]

۳.۱.۴– بلاک چین (Block Chain)

یہ کسی بھی قسم کی معلومات / ریکارڈ کو ناقابل تبدیل انداز میں محفوظ رکھنے والا ایسا برقی کھاتہ ہے جس کے مندرجات تک رسائی ہر اس شخص کے لیے ممکن ہو جو اس کے نیٹ ورک کا حصہ ہو اس کھاتے میں معلومات / ریکارڈ بلاکس کی صورت میں محفوظ ہوتی ہے،[۴۴] بلاک چین کا سب سے پہلا بلاک Genesis Block کہلاتا ہے، جس کو بلاک چین کا خالق یا بلاک چین نیٹ ورک کا الگورتھم تخلیق کرتا ہے[۴۵] اور یہ بلاک، اگلے بلاکس کی بنیاد بنتا ہے، تمام بلاکس آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ جڑے ہوتے ہیں، ہر بلاک مخصوص ہیش / کوڈ کی صورت میں اپنی مخصوص شناخت رکھنے کے ساتھ ساتھ اپنی تخلیق کے وقت (Timestamp) اور پچھلے بلاک کے ہیش / کوڈ پر بھی مشتمل ہوتا ہے، یوں کسی بھی بلاک درج معلومات میں کسی بھی کسی قسم کی تبدیلی سے چوں کہ اس بلاک کا اپنا ہیش / کوڈ تبدیل ہو جاتا ہے، اس لیے اس سے جڑے اگلے اور پچھلے بلاکس اس تبدیلی کو قبول نہیں کرتے، اس لیے کسی شخص کے لیے ان بلاکس میں سے کسی ایک میں بھی قسم کی تبدیلی صرف اسی صورت میں ممکن ہوتی ہے جب اس شخص کو بلاک چین نیٹ ورک میں شامل ومنسلک اکیاون فیصد نوڈز (Nodes) تک رسائی حاصل ہو اور اکیاون فیصد نوڈز اس تبدیلی کو قبول کرلیں تب بقیہ انچاس فیصد نوڈز اس تبدیلی کو قبول کریں گے، جو کہ تاحال عملی طور پر ناممکن قرار دیا گیا ہے۔[۴۶] کمپیوٹر نیٹ ورک کی دنیا میں ہر وہ الیکٹرانک ڈیوائس جو کسی نیٹ

43– Shobhit Seth, “What is Central Bank Digital Currency?” Investopedia, accessed April 12, 2024 https://www.investopedia.com/terms/c/central-bank-digital-currency-cbdc.asp

44– Adam Hayes, “Blockchain Facts..?” Investopedia, accessed April 12, 2024 https://www.investopedia.com/terms/b/blockchain.asp
Iansiti, Marco; Lakhani, Karim R, "The Truth About Blockchain", Harvard Business Review. Harvard University, (January 2017) Available at: https://hbr.org/2017/01/the-truth-about-blockchain

45– BitDegree.org, “Crypto Terms: Letter G, What is Genesis Block?” accessed April 12, 2024 https://www.bitdegree.org/crypto/learn/crypto-terms/what-is-genesis-block
Carla Tardi, “Genesis Block?” Investopedia, accessed April 12, 2024 https://www.investopedia.com/terms/g/genesis-block.asp

46– Satoshi Nakamoto, Bitcoin: A Peer-to-Peer Electronic Cash System”, Bitcoin.org, https://bitcoin.org/bitcoin.pdf accessed April 16, 2024

ورک کے ساتھ مربوط ہو اور اس کے ذریعے سے معلومات کا تبادلہ اور انتقال ممکن ہو، نوڈ کہلاتا ہے،[۴۷] عمومی تفہیم کے لیے نوڈ کا ترجمہ کمپیوٹر سے کردیا جاتا ہے۔[۴۸]

۳.۱.۵۔ ہیشنگ (Hashing)/ہیش فنکشن(Hash Function)

یہ وہ ریاضیاتی عمل یا الگورتھم ہے جو حروف، الفاظ، یا جملوں پر مشتمل مختصر یا تفصیلی معلومات کو کرپٹو گرافی تکنیک کے طور پرAlphanumericalیعنی اعداد اور انگریزی حروف کے بہ ظاہر ایک مہمل نظر آنے والے مجموعے میں محفوظ کردیتا ہے، یہ مجموعہ ہیش ویلیو(Hash Value)یا صرف ہیش(Hash) کہلاتا ہے، مختلف کرنسیوں میں استعمال ہونے والے مشہور ہیش فنکشنز:(الگورتھمز):SHA-256، Ethash، Scrypt، Crypto Nightہیں۔[۴۹]

۳.۱.۶۔ پروف آف ورک(Proof of Work)، مائننگ(Mining)اور مائنرز (Miners)

"پروف آف ورک" دراصل کرپٹو کرنسی کی لین دین کی تصدیق کے لیے استعمال ہونے والا ایک الگورتھم ہے جس کے ذریعے؛(الف) کرپٹو کرنسی کی لین دین کی تصدیق ہوتی ہے اور (ب) نئی کرپٹو کرنسی بھی وجود میں آتی ہے۔ اس الگورتھم کے ذریعے انجام پذیر تصدیقی عمل کو "مائننگ" اور اس کے انجام دینے والے "مائنرز" کہلاتے ہیں۔ پروف آف ورک کے ذریعے ہونے والی مائننگ کی تفصیل یہ ہے کہ جب کرپٹو کرنسی کا لین دین عمل میں آتا ہے تو اس کی تفصیل نیٹ ورک پر موجود تمام کمپیوٹرز(جن کو نوڈز کہا جاتا ہے) کو موصول اور نیٹ ورک کے میموری پول میں محفوظ ہو جاتی ہے۔ ہر کرپٹو کرنسی کے پروٹوکول میں نئے بلاک کے لیے کچھ شرائط پر مشتمل مخصوص ہیش متعین ہوتا ہے، جو ٹارگٹ ویلیو(Target Value) کہلاتا ہے۔ مائنرز میموری پول میں محفوظ معلومات کی تصدیق کر کے جب نیا بلاک بناتے ہیں تو اس بلاک کو بلاک چین میں شامل کرنے کے لیے پچھلے بلاک کی تفصیلات کو لے کر مخصوص ہیش فنکشن (مثلا بٹ کوائن میں ہیش فنکشن؛ SHA-256)کے ذریعے

47– Tim Fisher, "What is a Node in a Computer Network?", Lifewire.com, accessed April 20, 2024 https://www.lifewire.com/what-is-a-node-4155598

۴۸– محمد اویس پراچہ، **ورچول کرنسیوں کی شرعی حیثیت**، مقالہ برائے تخصص فی فقہ المعاملات المالیۃ، جامعۃ الرشید، (۲۰۱۸ء)، ۶۸۔

49– The Investopedia Team, "What is Hash? Hash Function and Cryptocurrency Mining" Investopedia.com, accessed April 12, 2024 https://investopedia.com/terms/h/hash.asp

ٹارگٹ ویلیو کے برابر یا اس سے کم، نئے بلاک کی ہیش ویلیو دریافت کرنے کا عمل؛ مائننگ (Mining) کہلاتا ہے، جیسے ہی یہ مطلوبہ ہیش ویلیو دریافت ہو جاتی ہے، کام یاب مائنر کو نئے کوائنز یا فیس کی شکل میں اس کا حق الخدمت (جس کو انعام (reward) کہا جاتا ہے) مل جاتا ہے۔[۵۰]

۳.۱.۷– پروف آف اسٹیک(Proof of Stake)فورجنگ (Forging) اور ویلیڈیٹرز (Validators)

پروف آف ورک کی طرح پروف آف اسٹیک بھی کرپٹو کرنسی کی لین دین کی تصدیق کے لیے مخصوص الگورتھم ہے۔ اس کے ذریعے کرپٹو کرنسی کی لین دین کی تصدیق تو ہوتی ہے، لیکن نئ کرپٹو کرنسی تخلیق نہیں ہوتی، بلکہ پہلے سے تخلیق شدہ کرنسی حق الخدمت کے طور پر ملتی ہے، اس الگورتھم کے ذریعے انجام پذیر تصدیقی عمل کو "فورجنگ" اور اس کے انجام دینے والے "ویلیڈیٹرز" کہلاتے ہیں۔ فورجنگ کی تفصیل یہ ہے کہ ویلیڈیٹر بننے کے خواہش مند متعلقہ کرنسی کے نیٹ ورک میں کوائن جمع کرکے نیٹ ورک کے حصہ دار بنتے ہیں، ان حصے دار (Stakeholders)ویلیڈیٹرز میں سے فورجر کے انتخاب کے لیے مختلف طریقے وضع کیے گئے ہیں:

الف) جس کا حصہ (Stake)سب سے زیادہ ہو۔

ب) جس کا حصہ سب سے زیادہ اور ہیش ویلیو سب سے کم ہو۔

ج) جس کے ٹوکن زیادہ عرصے تک اسٹیک میں پڑے رہیں۔

منتخب فورجر صرف بلاک میں موجود ٹرانزیکشن کے درست ہونے کو دیکھ کر نئے بلاک کو بلاک چین میں شامل کر دیتا ہے اور ٹرانزیکشن فیس کی صورت میں حق الخدمت وصول کر لیتا ہے۔[۵۱]

۳.۱.۸– والٹ (Wallet)

یہ وہ سوفٹ وئیر ہے جو بلاک چین میں محفوظ ایک یا ایک سے زائد قسم کی کرپٹو کرنسی تک رسائی، خریداری اور لین دین کو ممکن بناتا ہے، اس سوفٹ وئیر میں تین ڈیجیٹل کوڈز ہوتے ہیں:

الف) پرائیوٹ کی(Private Key): یہ ڈیجیٹل کوڈ صرف والٹ اور اس کے مالک کو معلوم ہوتا ہے۔

ب) پبلک کی(Public Key): یہ ڈیجیٹل کوڈ؛ پرائیوٹ کی سے بنتا ہے، اور سب کو معلوم ہوتا ہے ۔

50– Coinbase.com, "What is Mining", accessed April 12, 2024 https://www.coinbase.com/learn/crypto-basics/what-is-mining

51– Binance Academy, "What is Proof of Stake (PoS)?", accessed April 12, 2024 https://academy.binance.com/en/articles/proof-of-stake-explained

(ج) پبلک ایڈریس /والٹ ایڈریس(Public Address/Wallet Address):یہ پبلک کی کی انکرپشن سے بنتا ہے اور پبلک کی سے مختصر ہوتا ہے۔

والٹ کو بینک اکاونٹ کی سادہ مثال سے یوں سمجھا جاسکتا ہے کہ "والٹ" آن لائن بینک اکاونٹ کا پلیٹ فارم ہے، "پبلک ایڈریس"؛ جو "پبلک کی "کی انکرپٹڈ (Encrypted) شکل ہے، بینک اکاونٹ نمبر ہے، "پرائیوٹ کی"اکاونٹ ہولڈر کی دست خط ہے،اور "بلاک چین"؛ بینک لیجر ہے۔[۵۲] بنیادی طور پر والٹ دو قسم کے ہوتے ہیں:

الف) Hot Wallet: سوفٹ ویئر اور ایپلیکیشن کی صورت میں ڈیسک ٹاپ یا موبائل ڈیوائس پر استعمال کیا جانے والا یہ والٹ انٹرنیٹ سے مربوط ہوتا، اس تک رسائی اور روز مرہ ضروریات کے لیے اس کا استعمال آسان ہوتا ہے۔

ب) Cold Wallet: ہارڈ ویئر (مثلاً یو ایس بی)اور پرنٹ شدہ صفحے کی صورت میں یہ والٹ انٹرنیٹ سے مربوط نہیں ہوتے، ان تک رسائی گو کہ مشکل ہوتی ہے، تاہم آف لائن ہونے کی وجہ سے کولڈ والٹ، آن لائن ہاٹ والٹ کی نسبت ہیکنگ وغیرہ خطرات سے زیادہ محفوظ ہیں، طویل مدتی سرمایہ کاری کے لیے کولڈ والٹ موزوں قرار دیا جاتا ہے۔[۵۳]

۳.۱.۹- کرپٹو کرنسی ایکسچینج (Exchange)

یہ ایک ایسا پلیٹ فارم ہے جہاں ایک کرپٹو کرنسی کی کسی دوسری کرپٹو کرنسی یا کسی زر اعتباری کے عوض ایسے ہی خرید وفروخت ہوتی ہے جیسے اسٹاک ایکسچینج میں اسٹاکس کی خرید وفروخت ہوتی ہے،ایکسچینج تین طرح کی ہوتی ہیں:

الف) مرکزی ایکسچینج: جو ایک مخصوص اتھارٹی کے زیر انتظام ہوتی ہے اور معاملہ کنندگان کے درمیان واسطے کا کام کرتی ہے۔

ب) لامرکزی ایکسچینج: جو صرف بلاک چین کا ایسا پلیٹ فارم مہیا کرتی ہے جس میں معاملہ کنندگان بلاواسطہ

52- Thomas DeMichele, "What is a Cryptocurrency Wallet?" CryptoCurrenccy Facts, accessed April 12, 2024 https://cryptocurrencyfacts.com/what-is-a-cryptocurrency-wallet/

53- Toshendra Kumar Sharma, "Types of Crypto Wallets Eplained", Blockchain Council, accessed April 12, 2024 https://www.blockchain-council.org/blockchain/types-of-crypto-wallets-explained/

براہ راست لین دین کرتے ہیں۔

(ج) ہائبرڈ(Hybrid)ایکسچینج: جو مرکزی اور لامرکزی دونوں قسم کی ایکسچینجز کی خدمات کا مجموعہ ہوتی ہیں۔[۵۴]

۳.۱.۱۰- آئی سی او (ICO)اور آئی ٹی او(ITO)

آئی سی او Initial Coin Offering کا جب کہ آئی ٹی او Initial Token Offering کا مخفف ہے، یہ دراصل نئی کرپٹو کرنسی / ٹوکن کی ایجاد کے لیے درکار سرمائے کے حصول کے لیے کرنسی لانچ کرنے والی کمپنی کا اختیار کردہ طریقے ہے، جیسا کہ کوئی تجارتی کمپنی IPO (Initial Public Offering) کے ذریعے سرمایہ کاروں کو کمپنی کے حصص خریدنے کی دعوت دیتی ہے۔ ICO میں حصہ لینے کے لیے سب سے پہلے کسی مروجہ ڈیجیٹل کرنسی کا مالک ہونا ضروری ہوتا ہے۔ چوں کہ IPO کے برعکس ICO عموماً کسی مرکزی انتظامیہ کے ماتحت نہیں ہوتی، اس لیے اس میں سرمایہ کاری کے لیے خوب دیکھ بھال اور احتیاط کی ضرورت ہوتی ہے۔ بہت کم ICO تاحال کام یاب ہوئی ہیں۔ اکثر اوقات جعل سازی یا پراجیکٹ خسارے کی وجہ سے ICO سرمایہ کاروں کے حق میں نقصان دہ ثابت ہوئی ہیں۔[۵۵] جعل سازی اور فریب دہی کے متعدد واقعات کے رپورٹ ہونے کے بعد سرمائے کے حصول کے لیے "آئی ٹی او" کا طریقہ کار ایجاد ہوا، جس میں آئی سی او کی نسبت سرمایہ کاروں کے سرمائے کے تحفظ کے لیے KYC یعنی Know Your Customer (اپنے گاہک کو پہچانیں) ، AML یعنی Anti-Money Laundering (منی لانڈرنگ کی روک تھام) اور CTF یعنی Counter Terrorism Financing (دہشت گردی کے لیے سرمائے کی فراہمی کی روک تھام) کے لیے انتظامی قوانین متعین کرنے جیسے اضافی اقدامات کیے گئے، تاکہ سرمایہ داروں کو تحفظ فراہم کیا جاسکے۔[۵۶]

54- Rashi Maheshwari, "What are Crypto Exchanges and How do they work?", Forbes.com, accessed April 12, 2024 https://www.forbes.com/advisor/in/investing/cryptocurrency/what-is-a-crypto-exchange/#meaning_of_a_cryptocurrency_exchange

55- The Investopedia Team, "Initial Coin Offering (ICO)" Investopedia, accessed April 12, 2024 https://www.investopedia.com/terms/i/initial-coin-offering-ico.asp

56- Salomon Kisters, "Initial Coin Offering (ICO) vs Initial Token Offering- Key Differences Explained", Originstamp.com, accessed April 20 2024, https://originstamp.com/blog/initial-coin-offering-ico-vs-initial-token-

۲.۳– تعارف – مقصد ایجاد – مشہور اقسام

۲.۳.۱–تعارف اور مقصد ایجاد

الیکٹرانک کیش کا

الف) خالص اور براہ راست فریقین کی ساتھ وابستہ یہ نظام۔

ب) کسی مالیاتی ادارے کے واسطے کے بغیر۔

ج) معاملہ کرنے والے فریقین کے درمیان رقم کی ادائی اور وصول یابی کو ممکن بنادے گا۔

یہ وہ الفاظ ہیں جن سے ستوشی اپنے مقالے کے خلاصے کی ابتدا کرتا ہے۔ ان الفاظ سے سب سے پہلی کرپٹو کرنسی؛ "بٹ کوائین" کے نامعلوم موجد؛ ستوشی ناکاموٹو کا مقصد ایجاد واضح ہوتا ہے۔ زر کی ارتقائی تاریخ کا مطالعہ کیجیے تو ایک مرحلہ وہ آتا ہے جب سونار کے پاس اپنا سونا رکھوا کر عوام ان سے حاصل کردہ رسیدوں کو بہ طور زر استعمال کرتے ہیں۔ ازاں بعد ریاست اس قسم کے دستاویزی کاغذی پرزوں کو زر قرار دینے کا اختیار ان سے لے لیتی ہے،[۵۷] اور دستاویزی کاغذ کے پرزے ریاستی ٹکسال میں چھاپ کر قانونی طور پر اس کے واجب القبول ہونے کی حیثیت سے اس کا اجرا وترویج کرتی ہے۔ ان کاغذی پرزوں کے پیچھے سے سونا آہستہ آہستہ کم ہوتا رہتا ہے اور بالآخر یہ بے قیمت کاغذی پرزے محض ریاستی اعتماد کی بنیاد پر بذاتہا زر بن جاتے ہیں جن کے پس منظر میں کوئی معدنی دھات یا مادی اثاثہ موجود نہیں رہتا۔[۵۸]

انفارمیشن ٹیکنالوجی اور ڈیٹا سائنس ٹیکنالوجی کی ترقی کے باعث ڈیجیٹل ہندسے کاغذی پرزوں کی وہی حیثیت اختیار کرلیتے ہیں جو ان کے پس منظر میں موجود سونا پائے جانے کے وقت تھی، جس طرح اس وقت ان کاغذی پرزوں کی قوت سونا تھی، ان ڈیجیٹل ہندسوں کی قوت وہ کاغذی پرزے تھے، جن کی نمائندگی یہ ہندسے کر رہے تھے۔ علمائے معاشیات کے ہاں یہی ڈیجیٹل ہندسے برقی زر (Electronic Money, E-Money) کہلاتے ہیں، جس کی تعریف پچھلے حصے میں گزر چکی ہے۔ اب اسکرین پر نظر آنے والے ڈیجیٹل اعداد ایک بینک اکاونٹ کی برقی فائل سے دوسرے بینک اکاونٹ کی برقی فائل میں منتقل ہوتے اور اشیا کا تبادلہ روبہ عمل ہوجاتا ہے

---

offering-ito-explained/

۵۷– منیع،الورق النقدي،۲۹۔

۵۸– نفس مرجع، ۳۲۔

معاملہ کنند گان سمیت سب ہی کو ان ہندسوں کی قوت خرید پر مکمل اعتماد ہے، جس کے پیچھے کرنسی کے عنوان سے کاغذ کے وہ پرزے ہیں، جو بوقت ضرورت اور حسب مطالبہ مرکزی بینک یا مرکزی بینک سے وابستہ دیگر بینکوں سے نکالے جاسکتے ہیں۔

ہندسوں کے یوں انتقال پر اس بھرپور اعتماد کے بعد جب کہ ہاتھ میں صرف پلاسٹک کا ایک کارڈ ہے یا صرف نشان انگشت ہی ہے، ایک کمپیوٹر ڈویلپر یا بہت سے ڈویلپرز کو یہ خیال آتا ہے کہ جب آلۂ تبادلہ محض اعداد کا کھیل رہ گیا ہے، جس کے پیچھے حکومت کے جاری کردہ کاغذ کے پرزے ہیں جن کو حکومت نے اپنی ولایت حاکمہ کی وجہ سے قوت خرید دی ہے۔ ان کے پیچھے بھی کوئی قابل قدر وقیمت مادی اثاثہ نہیں ہے؛ تو کیوں نہ اس جھمیلے سے مکمل آزادی حاصل کی جائے، اپنی طرف سے پہلے پہل ہندسے لکھے / بنائے اور بعد ازاں ایک خاص مکینزم کے تحت تخلیق کیے جائیں، ان ہندسوں کو وہی قدر اور قوت خرید دے دی جائے جو ایک زمانے میں سناروں نے اپنی رسیدوں کو دی تھی، یوں مرکزی حکومت کی قید وبند سے آزاد ہو کر ان ہندسوں کے شفاف (Transparent) اور ناقابل ترمیم (Immutable) انتقال کے ذریعے ان میں اپنے آپ قوت خرید پیدا کر دی جائے، پھر ان ہندسوں کو چلن دے کر ان پر ایسا عوامی اعتماد بحال کر دیا جائے جیسا مرکزی بینک سے جاری کردہ کرنسی کی نمائندگی کرنے والے ڈیجیٹل ہندسوں پر ان کا اعتماد بحال ہے اور ان کے ذریعے بلا جھجک تبادلۂ اشیا کی ضرورت پوری کی جارہی ہے۔

یوں ایک لامرکزی ڈیجیٹل کرنسی کا آغاز ہوتا ہے، جو اپنی حقیقت کے اعتبار سے محض اعداد ہیں، ان اعداد کے پس منظر میں کوئی مادی اثاثہ، زر اعتباری قانونی یا کسی حکومت وریاست کی ضمانت اور اعتماد نہیں،[۵۹] یہ اعداد بلاک چین نیٹ ورک میں محفوظ ہیں اور بلاک چین ہی پر ان کا انتقال ایک برقی کھاتے / پتے (Address) سے دوسرے برقی کھاتے / پتے (Address) میں ہو جاتا ہے۔ جب انھیں ایک پتے سے دوسرے پتے پر منتقل کیا جاسکتا ہے، تو اس انتقال کو اسی طرح قبضے کا تام ہونا اور حیازت میں آنا قرار دیا جاسکتا ہے

۵۹- عام طور پر تو کرپٹو کرنسی کے پیچھے کوئی مادی اثاثہ یا حکومتی کرنسی نہیں ہوتی، البتہ جیسا کہ آئندہ Stable Coins کی تعریف میں آرہا ہے کہ کرپٹو کرنسی کی یہ قسم وہ ہے جس کی قدر کو مستحکم رکھنے کے لیے اس کو کسی زر اعتباری، مادی اثاثے یا مالیاتی دستاویز کے ساتھ معلق رکھا گیا ہوتا ہے، قدر کے استحکام کے لیے عام طور پر ان کی پشت پر یا تو (الف) زر اعتباری مثلاً ڈالر ہوتا ہے۔ چوں کہ کرپٹو کرنسی کی یہ قسم زیر نظر مقالے میں ہمارے موضوع بحث کا حصہ نہیں، اس لیے متن میں اس پر گفت گو نہیں کی گئی۔

جس طرح ریاستی قانونی کرنسی کی نمائندگی کرنے والے ہندسوں کی ایک برقی کھاتے سے دوسرے برقی کھاتے میں منتقلی کو قبضہ تام اور حیازت میں آنا قرار دیا جاتا ہے، اس لیے کہ ڈیجیٹل ڈیٹا پر قبضے کی نوعیت کے حوالے سے دونوں میں کوئی فرق نہیں ہے۔ کسی بھی معاملے میں اس بات کی تصدیق کے لیے کہ فریقین کے درمیان ہونے والے تبادلے میں جو زر استعمال ہوا ہے وہ جعلی نہیں ہے، یا وہی زر ایک سے زائد خریداریوں کے لیے استعمال نہیں ہوا ہے، عام طور پر ایک تیسرے فریق کی ضرورت ہوتی ہے جو ریاست کا مرکزی بینک ہوتا ہے یا وہ ٹکسال ہوتی جہاں سے سکہ ڈھلتا، تیار ہوتا اور عوام کے ہاتھ میں آتا ہے، الیکٹرانک کیش کے تبادلے میں ایک ڈیجیٹل کوائن کے ایک سے زائد مرتبہ استعمال نہ ہونے کی تصدیق کے لیے مرکزی بینک یا ٹکسال کے اس واسطے کو ختم کرنے کے ستوشی نے ٹائم اسٹیمپ سرور کا تصور پیش کیا، جو ڈیٹا کے ایک بلاک میں محفوظ فریقین کے معاملے کی تفصیل کے وقت کو حتمی طور پر متعین کر دیتا ہے اور اس وقت کو اس بلاک کے ہیش کا حصہ بنا دیتا ہے، اس کے بعد طے پانے والا دوسرے معاملے کا ڈیٹا بلاک، (۱) اپنے منفرد ہیش اور (۲) ٹائم اسٹیمپ کے ساتھ پچھلے بلاک سے منسلک ہو جاتا ہے، اس نئے ہیش میں پچھلے بلاک کا حتمی اور ناقابل تبدیل وترمیم ٹائم اسٹیمپ بھی شامل ہوتا ہے، ہر نئے بننے والے بلاک کے ہیش میں پچھلے بلاک کی تفصیلات ٹائم اسٹیمپ کے ساتھ شامل ہوتی ہیں، یوں کسی ایک بلاک میں تبدیلی کے لیے اس سے جڑے لاتعداد بلاکس میں تبدیلی ناگزیر ہوتی ہے، جو تاحال ناممکن ہے۔

۲.۲.۳– کرپٹو اثاثے؛ مختلف تقسیمات اور مشہور اقسام کی توضیح و تفہیم (۶۰)

۱.۲.۲.۳– پہلی تقسیم؛ Fungible, Non-Fungible

ذاتی نوعیت اور حقیقت کے اعتبار سے کرپٹو اثاثے بنیادی طور پر دو قسم کے ہیں؛

الف) فنجیبل ٹوکنز (Fungible Tokens): وہ کرپٹو اثاثے جن کی تمام اکائیاں یکساں قدر و قیمت کی ہوتی ہیں اور ایک اکائی کا دوسری اکائی سے بغیر کمی بیشی تبادلہ ممکن ہوتا ہے۔ کرپٹو کوائن / کرنسی، اسٹیبل کوائن، سمارٹ کنٹریکٹ ٹوکنز، یوٹیلیٹی ٹوکنز، ایکویٹی ٹوکنز اور ڈیفائی (DeFi) ٹوکنز وغیرہ فنجیبل ٹوکنز ہیں۔

۶۰– غور کرنے سے واضح ہو جائے گا کہ ان تقسیمات میں تباین اور تضاد نہیں، مختلف تقسیمات کی اقسام کا آپس میں تداخل ممکن ہے، چوں کہ متعلقہ فنی لٹریچر میں یہ مشہور اقسام انھی اصطلاحی ناموں کے ساتھ مذکور ہیں، اس لیے بغرض تفہیم ان اقسام کو منظم و مرتب شکل میں مختصر توضیح کے ساتھ یہاں ذکر کیا گیا ہے۔

ب) نان-فنجیبل ٹوکنز(Non-Fungible Tokens): یہ وہ کرپٹو اثاثے ہیں جو کسی منفرد ڈیجیٹل یا مادی چیز کی ملکیت کو ظاہر کرتے ہیں، چوں کہ جس ڈیجیٹل یا مادی چیز کی یہ نمائندگی کرتے ہیں وہ منفرد قسم کی ہوتی ہیں اس لیے ان کی اکائیاں یکساں قدر وقیمت کی نہیں ہوتیں اور ایک اکائی کا دوسری اکائی سے تبادلہ ممکن نہیں ہوتا، نیز یہ ٹوکن ناقابل تقسیم ہوتا ہے، یعنی ٹکڑوں اور حصوں میں اس کی لین دین ممکن نہیں ہوتی۔ کسی ڈیجیٹل فن پارے کا ٹوکن، نایاب اور منفرد ڈیجیٹل چیز (مثلاً؛ کسی پالتو جانور کا ورچول تصویر) کا ٹوکن، ورچول دنیا کی ورچول زمین کے ٹوکن، کسی گانے یا ویڈیو کا ٹوکن وغیرہ نان-فنجیبل ٹوکنز ہیں۔[۶۱]

۲.۲.۲.۳- دوسری تقسیم؛Coins, Tokens

استعمال اور مقصد وافادیت کے اعتبار سے بھی کرپٹو اثاثے دو قسم کے ہیں:

الف) کرپٹو کرنسی / کوائن اور

ب) کرپٹو ٹوکن

تفہیمِ اصطلاحات کے حصے میں دونوں کی تعریف گزر چکی ہے، وہاں یہ بھی ذکر ہوا کہ گو کہ ٹوکن اور کوائن کے الفاظ کا اطلاق ایک دوسرے کی جگہ ہوتا ہے تاہم ان دونوں میں اصطلاحی اعتبار سے فرق ہے، جس کا حاصل یہ ہے کہ جو کرپٹو اثاثہ زر کی حیثیت سے کسی معاملے کے عوض یا ٹرانزیکشن فیس کے طور پر لیا دیا جاتا ہو وہ کرپٹو کوائن / کرنسی کہلاتا ہے، اور جو اس کے علاوہ کسی اضافی افادیت کا بھی حامل ہو وہ ٹوکن کہلاتا ہے۔[۶۲] اس فرق کے مطابق واضح ہوا کہ بہ طور زر استعمال ہونے والا کرپٹو اثاثہ تو کرپٹو کرنسی / کوائن ہے جیسے؛ بٹ کوائن، ایتھر، لائٹ کوائن وغیرہ، جب کہ کسی اثاثے، منفعت وغیرہ کی نمائندگی کرتے ہوئے اضافی افادیت کا حامل کرپٹو اثاثہ ٹوکن ہے۔

۲.۲.۲.۳- تیسری تقسیم: Stable Coin, Unstable Coin

زر اعتباری یا کسی مادی اثاثے کے ساتھ معلق ہونے کے اعتبار سے کرپٹو کرنسی کی دو قسمیں ہیں:

61- CoinDCX Blog, "Fungible vs Non-Fungible Tokens, Key Differences" accessed April 12 2024 https://coindcx.com/blog/cryptocurrency/fungible-vs-non-fungible-tokens/

62- The Investopedia Team, "What are Crypto Tokens and How do they works" Investopedia, accessed April 12, 2024 https://www.investopedia.com/terms/c/crypto-token.asp

الف) مستحکم قدر کوائن(Stable coin): وہ کرپٹو کرنسی جس کی قدر کو مستحکم رکھنے کے لیے اس کو کسی زر اعتباری، مادی اثاثے یا مالیاتی دستاویز کے ساتھ معلق رکھا گیا ہو، اسٹیبل کوائن کہلاتی ہے۔ قدر کے استحکام کے لیے عام طور پر ان کی پشت پر یا تو

الف) زر اعتباری مثلاً ڈالر ہوتا ہے جیسے(Tether (USDT)، یا

ب) کوئی دوسری کرپٹو کرنسی ہوتی ہے جو جاری کردہ اسٹیبل کوائنز کے مقابلے میں خاص تناسب سے (مثلاً ایک ملین ڈالر کی مالیت کے اسٹیبل کوائنز کی پشت پر دو ملین ڈالر کی مالیت کی کوئی دوسری کرپٹو کرنسی موجود ہو) سے زیادہ ہوتی ہے جیسے؛DAI، یا

ج) کوئی مادی اثاثے مثلاً قیمتی دھات، تیل یا زمین وغیرہ ہوتا ہے۔

د) کبھی اسٹیبل کوائن کی قدر کا یہ استحکام پشت پر موجود کسی اثاثے کے ساتھ معلق کرنے کی بجائے خاص الگورتھم کے ذریعے ہوتا ہے، جو اس کوائن کی رسد کو کنٹرول کرکے استحکام اس کی قدر میں استحکام پیدا کرتا ہے۔(۶۳)

(ب) غیر مستحکم قدر کوائن(Unstable coin): وہ کرپٹو کرنسی جو مذکورہ بالا کسی چیز سے معلق نہ ہو، جیسے بٹ کوائن ایتھر اور لائٹ کوائن وغیرہ، کسی زر اعتباری یا مادی اثاثے کے ساتھ منسلک و مربوط نہ ہونے، اور کسی مرکزی انتظامی قوت کے زیر تصرف نہ ہونے ہی کی وجہ سے ان کوائنز/ٹوکنز کا اتار چڑھاؤ محض مارکیٹ میں پائی جانے والی طلب ورسد کی قوتوں کا رہینِ منت ہوتا ہے اور ان کی قدر وقیمت کو استحکام حاصل نہیں ہوتا ہے۔(۶۴)

۳.۲.۲.۴- چوتھی تقسیم: Regularcoin, Memecoin

بامقصد اور بے مقصد اجرا کے اعتبار سے کرپٹو کرنسی کی دو قسمیں ہیں:

الف) وہ کرپٹو کرنسی جس کا اجرا کسی بھی وجہ سے مشہور ہونے والے انسانی کردار، جانور، آرٹ ورک وغیرہ کے نام پر کسی سنجیدہ مقصد کے بجائے بہ طور مزاح اور تفریح کے ہو، میم کوائن کہلاتا ہے، جیسے ڈاج

63– Adam Hayes, "Stablecoins" Investopedia, accessed April 12, 2024
https://www.investopedia.com/terms/s/stablecoin.asp
Hedera Hashgraph, LLC. "What is stablecoin?" accessed April 13, 2024
https://hedera.com/learning/tokens/what-is-a-stablecoin

64– Ibid.

کوائن(Doge Coin)، شیبا اینو(Shiba Inu)وغیرہ۔

ب) کسی سنجیدہ مقصد مثلاً لین دین کی صورت میں عوض اور قیمت کی ادائی یا سرمایہ کاری کے حصول وغیرہ کے لیے اجرا کردہ کرپٹو اثاثہ جات؛ ریگولر کوائنز (Regular coin)، روایتی کرپٹو کرنسی (Traditional Crypto Currency)اور ٹوکنز کہلاتے ہیں۔[۶۵]

۵.۲.۲.۳- پانچویں تقسیم؛ٹوکنز(Tokens)کی اقسام

پہلے ذکر ہوچکا کہ ذریعہ تبادلہ ہونے کے ساتھ کسی اضافی فائدے کا حامل کرپٹو اثاثہ ٹوکن کہلاتا ہے۔چوں کہ اضافی افادیت کی صورتیں متعدد ہیں، اس لیے اپنی مخصوص ساخت وصورت اور متعین افادیت ومقصد کے پیش نظر ٹوکن کی مروجہ کچھ اقسام یہ ہیں:

الف) ورک ٹوکنز(Work Tokens): ان کے ذریعے کسی بلاک چین پر کوئی مخصوص کام انجام دے سکنے کی سہولت میسر آتی ہے۔

ب) یوٹیلٹی ٹوکنز(Utility Tokens): ان کے ذریعے مخصوص خدمت ومنفعت سے مستفید ہونے کے حقوق حاصل ہوتے ہیں یاان کی قابل خرید اکائیوں کی ملکیت حاصل ہوتی ہے۔

ج) اثاثہ جاتی ٹوکنز(Asset-backed Tokens):یہ ٹوکنز اپنی پشت پر موجود کسی حقیقی اثاثے پر ملکیت کی نمائندگی کرتے ہیں۔

د) ریوینیوٹوکنز(Revenue Tokens): ان ٹوکنز کا اجرا مستقبل میں متوقع منافع میں شریک کرنے کے وعدے پر ہوتا ہے۔

ھ) ایکویٹی ٹوکنز(Equity Tokens): یہ ٹوکنز ان کے جاری کرنے والی کمپنی میں حصص کی ملکیت کی نمائندگی کرتے ہیں۔ان ٹوکنز کے مالکان کو بھی کمپنی کے شئیر ہولڈرز جیسے حقوق حاصل ہوتے ہیں۔

65- FL (ForexLive) Contributors, "What is the difference between a Meme coin and a Regular coin?" accessed April 13, 2024
https://www.forexlive.com/Education/what-is-the-difference-between-a-meme-coin-and-a-regular-coin-20231130/
Eric Rosenberg, "Meme Coin Explained", Investopedia, accessed April 13, 2024
https://www.investopedia.com/meme-coin-6750312

و) باے بیک ٹوکنز(Buy-Back Tokens): ان ٹوکنز کا اجرا مستقبل میں ان کی قیمت کے بڑھنے کے وعدے کے ساتھ کیا جاتا ہے اور ساتھ ہی کمپنی کی طرف سے یہ وعدہ بھی ہوتا ہے کہ متوقع منافع حاصل ہو جانے کے بعد کمپنی ان ٹوکنز کو مالکان سے خرید کر ضائع کر دے گی۔[۶۶]

۴۔کرپٹو ٹوکن / کرنسی کے متعلق عدم جواز کی رائے رکھنے والے نمایاں اہل علم وافتا اور ان کا موقف واستدلال

۱.۴۔چند نمایاں مانعین اہل وعلم افتا

الاتحاد العالمي لعلماء المسلمين کی لجنة الاجتهاد والفتوى کی طرف سے ۲۳/ستمبر ۲۰۲۲ء کو جاری شدہ قرارداد میں ڈیجیٹل کرنسی کی موجودہ ومعروضی صورت حال کے برقرار رہتے ہوئے، اس کے ذریعے معاملات اور اس کی تخلیق دونوں کے ناجائز ہونے کا موقف اختیار کیا گیا ہے۔ مذکورہ قرارداد کے جاری کنندگان میں سربراہ لجنۃ ڈاکٹر علی قرہ داغی سمیت پندرہ اہل علم کے اسماے گرامی مذکورہ کمیٹی کے ممبران کی حیثیت سے درج ہیں، جن میں موریتانیا، فلسطین، لیبیا، تونس، یمن، انڈیا، آسٹریلیا، ترکی اور جرمنی وغیرہ مختلف ممالک سے تعلق رکھنے والے سرکردہ اہل علم وافتا شامل ہیں۔[۶۷] سن ۲۰۲۱ء میں سعودی عرب کی ہیئۃ کبار العلماء کے ممبر عبد اللہ المنیع نے شرعی سوال وجواب کے ایک پروگرام میں ورچول کرنسی کے زر (ثمن) یا سامان (مثمن / مبیع) دونوں نہ بن سکنے کی تصریح کرتے ہوئے ورچول کرنسی کے حرام ہونے اور باطل / ناجائز طریقے سے مال ہتھیانے کا ذریعہ قرار دیا،[۶۸] لیبیا کے سرکاری دار الافتا سے سن ۲۰۱۹ء میں جاری کردہ فتوے میں بھی ورچول کرنسی کے بہ

۶۶– Mufti Faraz Adam, The Shariah Factors in Cryptocurrencies and Tokens, https://shariyah.net/wp-content/uploads/2021/05/The-Shariah-factor-in-Cryptocurrencies-and-Tokens.pdf, April 13 , 2021.

۶۷– لجنة الاجتهاد والفتوى، "قرار رقم (۱) الصادر عن لجنة الاجتهاد والفتوى بشآن التعامل بعملة البيتكوين والعملات الرقمية"،الاتحاد العالمي لعلماء المسلمين، accessed April ۱۳, ۲۰۲۴ https://iumsonline.org/ar/ContentDetails.aspx?ID=26607

۶۸– روتانا خليجية، "الشيخ المنيع: تداول البتكوين حرام"، یوٹیوب وی ڈیو،۳:۱۸،اپریل۱۶، ۲۰۲۱ء۔ https://www.youtube.com/watch?v=Hl2kbv6azFs

طور کرنسی استعمال کے ناجائز ہونے کا موقف اختیار کیا گیا ہے۔[۶۹] سن ۲۰۱۹ء ہی میں المجلس الاسلامی السوری طرف سے اکیس علماو مفتیان کے دست خط کے ساتھ ایک فتوی جاری ہوا جس میں کرپٹو کرنسی کے ذریعے معاملات کی حرمت کی رائے اختیار کی گئی ہے، تاہم کرپٹو کرنسی کو کرنسی ماننے والوں کے لیے اس کو زر قرار دیتے ہوئے اس میں سود اور زکاۃ کے ان تمام احکام کے اجرا کا موقف اختیار کیا گیا جو ایک زر کے لیے ہوتے ہیں،[۷۰] دار الافتاء فلسطینیہ سے سن ۲۰۱۹ء ہی میں ورچول کرنسی کی حرمت کا فتوی (فتوی نمبر: ۲۷۸۸) جاری کیا گیا ہے،[۷۱] سن ۲۰۱۸ء میں متحدہ عرب امارات کی الهيئة العامة للشؤون الإسلامية سے جاری ہونے والے فتوے (فتوی نمبر: ۸۹۰۴۳) میں ورچول کرنسیوں میں زر ہونے کے شرعی اور قانونی معیارات کی عدم موجودگی کی وجہ سے ان سے تعامل کو ناجائز قرار دیا گیا ہے،[۷۲] سن ۲۰۱۷ء میں ڈاکٹر شوقی ابراہیم علام کے تحریر کردہ اور دار الافتاء مصریہ سے جاری شدہ فتوے (فتوی نمبر: ۴۲۰۵) میں ورچول کرنسی کی / کے ذریعے خرید و فروخت اور دیگر معاملات کو شرعا حرام قرار دیا گیا ہے،[۷۳] دارالافتاء دار العلوم دیوبند کی ویب سائٹ پر سن ۲۰۱۸ء میں جاری شدہ فتوے میں

۶۹– احمد میلاد قدور، حسن سالم الشریف، الصادق بن عبد الرحمن الغریاني، "ما حكم التعامل بالعملات الرقمية الافتراضية كالبيتكوين"، لجنة الإفتاء بدار الإفتاء الليبية، accessed April 13, 2024
https://ifta.ly/%D9%85%D8%A7-%D8%AD%D9%83%D9%85-%D8%A7%D9%84%D8%AA%D8%B9%D8%A7%D9%85%D9%84-%D8%A8%D8%A7%D9%84%D8%B9%D9%85%D9%84%D8%A7%D8%AA-%D8%A7%D9%84%D8%B1%D9%82%D9%85%D9%8A%D8%A9-%D8%A7%D9%84%D8%A7%D9%81%D8%AA/25328/

۷۰– أعضاء المجلس الإسلامي السوري، "فتوى حكم التعامل بالعملات الإلكترونية المشفرة"، المجلس الإسلامي السوري، accessed April 13, 2024
http://sy-sic.com/?p=7725

۷۱– محمد نعمان اصغر، **اسلام میں ورچول کرنسی کی قانونی حیثیت**، تحقیقی مقالہ برائے پی-ایچ-ڈی، شعبہ اسلامی فکر و تہذیب، یونیورسٹی آف منیجمنٹ اینڈ ٹیکنالوجی، لاہور، (۲۰۱۸ء)، ۲۸۹۔

۷۲– محمد نعمان اصغر نے اپنے مقالے میں (ص: ۲۷۴ پر) مذکورہ فتوے کا متن نقل کیا ہے، اور بہ طور حوالہ الهيئة العامة للشؤون الإسلامة کی ویب سائٹ کا لنک حاشیے میں ذکر کیا ہے، تاہم اس لنک پر وہ فتوی اس وقت موجود نہیں۔ (مقالہ نگار)

۷۳– شوقی ابراہیم علام، "تداول عملة البيتكوين والتعامل بها"، دار الإفتاء المصرية، accessed April 13, 2024
https://www.dar-alifta.org/ar/fatawa/14139/%D8%AA%D8%AF%D8%A7%D9%88%D9%84-

کرپٹو کرنسی کی خرید وفروخت اور اس کے کاروبار کو حرام اور ناجائز کہا گیا ہے،(۷۴) سن ۲۰۲۰ء دار الافتاء جامعہ علوم اسلامیہ بنوری ٹاؤن کراچی سے شائع شدہ تفصیلی فتوے (فتوی نمبر: ۳۶۰۳) میں بھی شرعی طور پر جائز زر نہ ہونے اور تجارت، سرمایہ کاری یا زر مبادلہ کے طور پر اس کے استعمال کے بھی غیر شرعی ہونے کی رائے اختیار کی گئی،(۷۵) الامانة العامة لدور وهيئات الافتاء فی العالم کی ذکر کردہ تحقیق کے مطابق ۷۰ فیصد فتاوی میں بٹ کوائن کے ذریعے معاملات کی حرمت کا موقف اختیار کیا گیا ہے، جب کہ ۳۰ فی صد فتاوی میں جواز کا موقف اختیار کیا گیا ہے۔(۷۶)

۲.۴–مانعین کے استدلالات

۱.۲.۴–مال کی خصوصیات کا نہ پایا جانا

شرعی طور پر مال وہ ہوتا ہے:

۱– جس کی طرف طبعی میلان ہو۔

۲– جس میں وقتِ حاجت کے لیے ذخیرہ کیے جانے کی صلاحیت ہو۔

۳– جس سے انتفاع شرعا مباح ہو۔

۴– جس کے مالک کو اس میں آزادانہ تصرف کا اختیار ہو۔

۵– جس کا احراز (محفوظ اور اسٹور کرنا) اور

۶– امساک (پکڑنا/چھونا) ممکن ہو۔

%D8%B9%D9%85%D9%84%D8%A9-%D8%A7%D9%84%D8%A8%D9%8A%D8%AA%D9%83%D9%88%D9%8A%D9%86-%D9%88%D8%A7%D9%84%D8%AA%D8%B9%D8%A7%D9%85%D9%84-%D8%A8%D9%87%D8%A7

۷۴– دار الافتاء، دار العلوم دیوبند، "کرپٹو کرنسی (بٹ کوئن یا کوئی بھی ڈیجیٹل کرنسی) میں پیسے لگانے کا حکم"، accessed April 13, 2024 https://darulifta-deoband.com/home/ur/others/159787

۷۵– نعمان اصغر، مرجع سابق، ۲۹۴۔

۷۶– الأمانة العامة لدور وهيئات الإفتاء في العالم، "البيتكوين بين التحريم والإجازة··"، accessed April 13, 2024 http://www.fatwaacademy.org/gossour/viewIssueitem?id=378

۷- جوہری صفت کا حامل ہو، عارض (غیر قائم بذاتہ چیز) مال نہیں ہوتا۔ چوں کہ

الف) مادی وحسی وجود نہ ہونے کے باعث ڈیجیٹل کرنسی کا احراز اور امساک ممکن نہیں۔

ب) نہ یہ جوہری صفت کی حامل ہے، اور

ج) قیمتوں میں غیر معمولی اتار چڑھاؤ کی وجہ سے قدر کے تحفظ کے لیے مفید نہیں۔

د) نیز عام آدمی کا اس کرنسی کی پیچیدگیوں کو سمجھنا، انھیں خرچ اور استعمال کرنا اور ان میں آزادانہ تصرف کرنا سہل نہیں، اس لیے یہ مال نہیں ہیں۔ [۷۷]

۲.۲.۴- زر اور کرنسی کی بنیادی شرائط و خصوصیات کا مفقود ہونا

زر اور کرنسی کا استعمال:

الف) ایک عمومی ذریعہ ووسیلہ تبادلہ

ب) قیمتوں کے پیمانے

ج) دولت وثروت کے تحفظ

د) اور مؤخر ادائیوں کے معیار بننے کے طور پر ہوتا ہے، ان کرنسیوں کو ان مقاصد کے لیے استعمال نہیں کیا جا سکتا۔ [۷۸]

ہیکنگ، سائبر حملوں یا کسی وائرس کی وجہ سے ان کرنسیوں کے چوری یا ناقابل واپسی ضائع ہونے کے خطرے سے تحفظ کے لیے پرسنل کی (Personal Key) وغیرہ جیسی مختلف قسم کے جو احتیاطی طریقے ناگزیر ہیں، انھیں سمجھنا اور اختیار کرنا ہر خاص وعام کے لیے ایسا آسان نہیں، جیسا کہ مروجہ ملکی کرنسیوں کو سنبھالنا اور انہیں محفوظ رکھنا آسان ہوتا ہے، اس لیے یہ کرنسیاں عمومی ذریعہ ووسیلۂ تبادلہ نہیں بن سکتی ہیں۔ [۷۹] قیمتوں کے غیر معمولی اتار چڑھاؤ اور ان کرنسیوں کی ایکسچینج مارکیٹ پر ہونے والے سائبر حملوں کے نتیجے میں کروڑوں کی مالیت

۷۷- مصطفی امین، فتوی بابت کرپٹو کرنسی بہ عنوان؛ "کرپٹو کرنسی کے متعلق سوالات"، دار الافتاء جامعہ علوم اسلامیہ بنوری ٹاؤن، کراچی، جاری شدہ (۱۸ اپریل ۲۰۲۳ء)۔

۷۸- "قرار رقم (۱) الصادر عن لجنة الاجتهاد والفتوى بشان التعامل بعملة البيتكوين والعملات الرقمية"، الاتحاد العالمي لعلماء المسلمين.

۷۹- "تداول عملة البيتكوين والتعامل بها"، دار الإفتاء المصرية.

کے ناقابل تلافی ضیاع کی وجہ سے ان کرنسیوں میں سرمایہ کاری کو غیر محفوظ سرمایہ کاری قرار دیا جاتا ہے، چناں چہ دولت وثروت کے تحفظ کا مقصد ان کرنسیوں سے حاصل نہیں ہوتا۔[۸۰]

۳.۲.۴- ریاستی وحکومتی ضمانت وحمایت نہ ہونا

کسی چیز کے زر اور کرنسی بننے کے لیے ضروری ہے کہ اس کو کسی ریاست وحکومت کا اعتماد اور ضمانت حاصل ہو، (یعنی کسی ریاست کی طرف سے جاری کردہ ہو) اور اس کے اجرا کنندگان اس کی قیمت کے ضامن ہوں،[۸۱] [۸۲]

اس لیے کہ ایسی ضمانت وحمایت حاصل ہونے ہی کی صورت میں کسی بھی زر اور کرنسی کی قدر وقیمت کا تحفظ اور عمومی حالات میں اس کا استحکام ممکن ہوسکتا ہے۔ "قدر وقیمت میں استحکام" زر کا وہ بنیادی وصف ہے جس کی وجہ سے زر پیمانہ قدر بنتا ہے۔ یہ کرنسیاں؛ نہ حقیقی وجود رکھنے والی کسی چیز کی نمائندگی کرتی ہیں، نہ ان کے پیچھے سونا ہے، نہ کوئی زر اعتباری ہے، نہ کوئی ذخائر ہیں،[۸۳] نہ یہ کسی ایسی ریاست یا ایسے مرکزی بینک کی طرف سے جاری کردہ ہیں جو ان کی قیمت کی ضمانت دیتے ہوں،[۸۴] جب کہ کسی چیز کا عمومی آلۂ تبادلہ ہونا یا قرار دیا جانا ایک انتہائی اہم اور حساس معاملہ ہے، یہی وجہ ہے کہ امام احمدؒ نے زر کے اجرا کو خاص ریاستی حق قرار دیا ہے، اور شخصی وانفرادی طور پر درہم ودینار ڈھالنے کو ممنوع کہا ہے اس لیے کہ اگر درہم ودینار ڈھالنے کی شخصی وانفرادی اجازت دے دی جائے تو عاقبت نااندیش لوگ بڑا فساد برپا کردیں گے۔[۸۵] اس لیے شخصی وانفرادی طور پر خالص درہم ودینار کا ڈھالنا درست نہیں۔[۸۶] [۸۷] نظام الملک طوسی شافعی کہتے ہیں کہ زر کے سکوں کا ڈھالنا ہر زمانے اور ہر دور میں ایک شاہی

۸۰- نفس مرجع۔

۸۱- فتوی جاری کردہ الهيئة العامة للشؤون الإسلامية، متحدہ عرب امارات۔

۸۲- "کرپٹو کرنسی کے متعلق سوالات"، دار الافتاء جامعہ علوم اسلامیہ بنوری ٹاؤن۔

۸۳- "فتوى حكم التعامل بالعملات الإلكترونية المشفرة"، المجلس الإسلامي السوري۔

۸۴- "تداول عملة البيتكوين والتعامل بها"،دار الإفتاء المصرية.

۸۵- محمد بن حسین ابویعلی الفراء، **الأحكام السلطانية** (بیروت: دار الكتب العلمية، ۲۰۰۰ء)، ۱۸۱۔

۸۶- ابوزکریا یحیی بن شرف النووی، **روضة الطالبين** (ریاض، دار عالم الكتب، ۲۰۰۳ء)، ۲: ۱۱۹،

۸۷- "قرار رقم (۱) الصادر عن لجنة الاجتهاد والفتوى بشأن التعامل بعملة البيتكوين والعملات الرقمية"،الاتحاد العالمي لعلماء المسلمين.

وظیفہ رہا ہے۔[۸۸] شرع اسلامی کے ساتھ ساتھ ماہرین اقتصادیات ومعیشت بھی اس بات سے اتفاق کرتے ہیں کہ زر کے اجرا اور ترویج کا اختیار ریاست ہی کو حاصل ہونا چاہیے۔[۸۹] اس لیے بجا طور پر کہا جاسکتا ہے کہ یہ محض ڈیجیٹل ہندسے اور اعداد ہیں جن کو مخصوص کمپیوٹر پرا گرامز کے ذریعے انکرپٹ (Encrypt) کیا گیا ہے۔ یہ ہندسے اور اعداد زر کے اجرا اور ترویج کے اقتصادی اصول ومبادی سے یک سر ہم آہنگ نہیں ہیں۔[۹۰] نیز لامرکزیت اور قیمت کے تعین کے لیے منضبط قوانین اور تنظیم کے بجائے محض قانونِ طلب ورسد پر مبنی ہونے کے باعث ان کرنسیوں کی قیمتوں میں تاحال جس قسم کا غیر معمولی اتار چڑھاؤ لمحہ بہ لمحہ ہوتا ہے وہ کسی اور مارکیٹ میں نہیں، اس غیر معمولی اتار چڑھاو کے ہوتے ہوئے یہ کرنسیاں اموال کی قدر کا متوازن پیمانہ نہیں بن سکتی ہیں۔[۹۱]

۴.۲.۴- مقاصد شریعت کے منافی ہونا

دینِ اسلام حقیقی اثاثہ جات پر مبنی معیشت کے فروغ کا تعلیم دیتا ہے، اسلام حقیقی معیشت میں سرمایہ کاری کا حامی ہے جس کے نتیجے میں اثاثہ جات، مصنوعات اور خدمات کی پیداوار میں حقیقی اضافہ ہو، منصفانہ تقسیم دولت عمل میں آئے اور دولت چند ہاتھوں میں مرتکز نہ ہو، اسی مقصد کو حاصل کرنے کے لیے اسلام میں سرمایہ کاری اور لین دین کی ان تمام صورتوں مثلاً سود، میسر، غرر، قمار وغیرہ کو ممنوع قرار دیا گیا ہے جو گردشِ دولت میں جمود اور پیداوار کے عمل کو روکنے کا باعث بنتی ہیں۔ ان کرنسیوں کی ترویج ولین دین سے نہ صنعتی میدان میں ترقی ہوتی ہے اور نہ ٹیکنالوجی کی دنیا میں کوئی منفعت حاصل ہوتی ہے، نہ ان کرنسیوں کے اتار چڑھاؤ پر ہونے والی ان کی باہمی لین دین کوئی حقیقی معیشت وتجارت ہے جس سے عملی طور پر کوئی پیداواری فائدہ حاصل ہوتا ہو، جس سے ثابت ہوتا ہے کہ ان کرنسیوں کی ترویج ولین دین معیشت وسرمایہ کاری سے متعلق مطلوبہ شرعی

۸۸- "تداول عملة البيتكوين والتعامل بها"، دار الإفتاء المصرية.

۸۹- نفس مرجع۔

۹۰- "فتوى حكم التعامل بالعملات الإلكترونية المشفرة"، المجلس الإسلامي السوري.

۹۱- "فتوی حکم التعامل بالعملات الإلكترونية المشفرة"، المجلس الإسلامي السوري، "تداول عملة البيتكوين والتعامل بها"، دار الإفتاء المصرية، "کرپٹو کرنسی کے متعلق سوالات"، دار الافتاء جامعہ علوم اسلامیہ بنوری ٹاؤن، "قرار رقم (١) الصادر عن لجنة الاجتهاد والفتوى بشأن التعامل بعملة البيتكوين والعملات الرقمية"، الاتحاد العالمي لعلماء المسلمين،

مقاصد سے متضاد ہے۔[۹۲]

۵.۲.۴۔ ضرر و غرر کا ہونا اور جوے سے مشابہت کا پایا جانا

شرعِ اسلامی کے مطابق ہر وہ عمل جو خود کرنے والے یا کسی دوسرے کے لیے کسی بھی قسم کے جانی یا مالی نقصان کا سبب بن رہا ہو، ممنوع اور ناجائز ہے، غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ کرپٹو کرنسی کی تخلیق و تعامل متعدد نقصانات کا باعث ہیں:

الف) مائننگ کے عمل میں لاکھوں لوگ شریک ہوتے ہیں اور خوب مادی وافرادی سرمایہ ووسائل لگاتے ہیں، بالآخر انعام یافتگان کی تعداد بہت معمولی ہوتی ہے، ان کے علاوہ لاکھوں محروم اپنے سرمایے اور وسائل کا بھاری نقصان اٹھاتے ہیں۔

ب) مائننگ میں استعمال ہونے والی بے تحاشا بجلی، انسانیت کے لیے ایک بہت بڑا اجتماعی نقصان ہے۔

ج) لمحوں میں ہونے والے غیر معمولی اتار چڑھاو کی وجہ سے اس کے ذریعے کسی سامان کا لین دین کرنے والے نقصان اٹھاتے ہیں کہ لمحوں میں قیمت بڑھی تو خریدار کو سامان مہنگا پڑنے کا نقصان ہوتا ہے اور قیمت گری تو فروخت کنندہ اپنے سامان کی قیمت نہ ملنے کا نقصان ہوتا ہے۔

اسی طرح

الف) ان کرنسیوں کے اجرا کنندگان، طریقہ اجراء، اور اس کے اصول وضوابط کے بارے میں پوری طرح علم نہ ہونا۔

ب) جعل ساز اور دھوکے باز لوگوں کا عام لوگوں کے اموال بٹور کر فرار ہو جانا

ج) ہیکنگ کے خطرات اور

د) قیمتوں کا غیر معمولی اتار چڑھاؤ، ایسے امور ہے جو غرر فاحش پیدا کرتے ہیں؛ جب کہ شرعِ اسلامی نے غرر فاحش پر مشتمل معاملات کو ممنوع قرار دیا ہے۔ نیز

(الف) مائننگ میں لاکھوں لوگوں کا سرمایہ لگا کر سرمایہ ہار جانا، اور

(ب) صرف طلب ورسد پر قیمت کو غیر معمولی طور پر گھٹنا بڑھنا، کرپٹو کرنسی کے لین دین کو جوئے

۹۲۔ "قرار رقم (١) الصادر عن لجنة الاجتهاد والفتوى بشأن التعامل بعملة البيتكوين والعملات الرقمية"، الاتحاد العالمي لعلماء المسلمين.

کے بھی مشابہ بنادیتا ہے۔[۹۳]

۶.۲.۴– انفرادی، اجتماعی اور ریاستی سطح پر بڑے مفاسد کا سبب بننا

چوں کہ یہ کرنسیاں منی لانڈرنگ، ممنوعہ منشیات اور ناجائز اسلحے کی خرید و فروخت، مجرمانہ کارروائیوں کے معاوضے کے حصول وغیرہ میں استعمال کی جارہی ہیں، اسی طرح ریاستی عمل داری اور نگرانی نہ ہونے کی وجہ سے چوں کہ ملکی و قومی مفاد کو اہمیت نہ دینے والے عناصر اس کرنسی کو ٹیکس ادائی سے بچنے کا ذریعہ بھی بناسکتے اور بنارہے ہیں، جس کے نتیجے میں ریاست کی مالیاتی ساکھ کے شدید متأثر ہوسکتی ہے[۹۴] اور مالیاتی بازار میں ریاستی رٹ کم زور پڑنے سے عوامی سطح پر شدید مالی نقصانات کا اندیشہ بھی ہے،[۹۵] یوں یہ کرنسیاں مالی بدعنوانی، معاشرتی فساد، اخلاقی جرائم اور قومی نقصانات کا سبب بن رہی ہیں، اس لیے سد ذریعہ کے مسلمہ فقہی و شرعی اصول کا تقاضا بھی یہ ہے کہ امت وانسانیت کو ایسے مفاسد سے تحفظ فراہم کرنے کی غرض سے ان کرنسیوں کی ترویج ولین دین کو ممنوع قرار دیا جائے۔[۹۶]

۵– کرپٹو ٹوکن / کرنسی کے متعلق جواز کی رائے رکھنے والے نمایاں اہل علم وافتا اور ان کا موقف واستدلال

۱.۵–چند نمایاں مجوزین اہل وعلم افتا

سیکیورٹیز کمیشن ملائیشیا کے ذیلی ادارے "شریعہ ایڈوائزری کونسل" نے ڈیجیٹل اثاثوں میں سرمایہ کاری کو شرعا جائز قرار دیا ہے، کونسل کے چیئرمین؛ ڈاکٹر محمد داود بکر نے ۲۰۲۰ء میں منعقد ہونے والی فنٹیک کانفرنس (Fintech Conference 2020) میں گفت گو کرتے ہوئے کہا؛ قوانین مذہب کی رو سے گو کرپٹو اثاثوں کو زر قانونی قرار نہیں دیا جاسکتا، تاہم جن کرپٹو اثاثہ جات کی پشت پر سونا یا چاندی وغیرہ اموال ربویہ نہ ہوں انھیں

۹۳– نعمان اصغر، **اسلام میں ورچول کرنسی کی قانونی حیثیت**، ۲۰۲– ۲۲۹۔

۹۴– "تداول عملة البيتكوين والتعامل بها"، دار الإفتاء المصرية.

۹۵– فتویٰ جاری کردہ الهيئة العامة للشؤون الإسلامية، متحدہ عرب امارات۔

۹۶– "قرار رقم (۱) الصادر عن لجنة الاجتهاد والفتوى بشأن التعامل بعملة البيتكوين والعملات الرقمية"، الاتحاد العالمي لعلماء المسلمين.

سامان قرار دے کر ان میں سرمایہ کاری کی جاسکتی ہے،[۹۷] مجلس علماء انڈنیشیا(MUI) نے بہ طور آلۂ تبادلہ کرپٹو کرنسی کے استعمال کو تو ناجائز قرار دیا ہے، لیکن وہ کرپٹو کرنسیاں جن کی پشت پر شرعاً حلال اثاثہ جات ہوں، سامان ہونے کی حیثیت سے ان میں سرمایہ کاری کو جائز قرار دیتی ہے۔[۹۸] دار المراجعة الشرعية(Shariah Review Bureau) سنٹرل بینک بحرین کا لائسنس یافتہ اور زیر انتظام ادارہ ہے، اس ادارے کا شریعہ بورڈ دنیا بھر کے انیس ممالک سے تعلق رکھنے والے پینتیس اہل علم وافتا پر مشتمل ہے،[۹۹] مفتی فراز آدم کی تحقیق اور شیخ محمد احمد سلطان اور مفتی ارشاد احمد اعجاز کی تصویب وتائید سے اپریل ۲۰۱۸ء میں اس ادارے سے شائع شدہ کتابچے The Shariah Factor in Crypto currencies and Tokens: میں کرپٹو کرنسی اور کرپٹو ٹوکنز سمیت سات قسم کے کرپٹو اثاثہ جات کی تعریفات ذکر کرنے کے بعد ان کے شرعی اصول کے موافق ہوسکنے کے موقف کا اظہار کیا گیا ہے، تاہم کتابچے کے آخر میں واضح طور پر ذکر کیا گیا ہے کہ یہ حتمی شرعی حکم یا فتوی ہرگز نہیں، صرف ایک علمی تحقیق ہے۔ مفتی فراز آدم ہی کے تحریر کردہ دو مستقل تحقیقی مقالہ جات بھی ہیں جن میں سے پہلے مقالے میں ان کا موقف مشہور کرپٹو کرنسی "بٹ کوائن" کے شرعی اعتبار سے مال اور زر دونوں بن سکنے کا ہے، جب کہ دوسرے مقالے میں ان کا موقف بٹ کوائن کے صرف مال بن سکنے کا ہے، زر بننے کی شرائط اس میں نہیں پائی جاتیں۔ چینل؛"المجد" پر شرعی سوالات وجوابات کے لیے مختص پروگرام؛"الجواب الكافي" میں متعدد عرب اہل علم نے کرپٹو کرنسی کے جواز وعدم جواز کے متعلق سوال کا جواب دیتے ہوئے اپنی آرا کا اظہار کیا اور اپنا استدلال پیش کیا چناں چہ ڈاکٹر عبد اللہ سلمی نے جواب دیتے ہوئے کہا کہ؛ کرپٹو کرنسی زر تو نہیں، البتہ مال اور سامان ضرور ہے، جس کرپٹو کرنسی کا استعمال جائز امور اور معاملات میں ہو وہ جائز ہوگی اور جس کا استعمال ناجائز امور اور

۹۷- Turner Wright, "Malaysian SC Shariah Advisory Council praises crypto's 'great potential'", Cointelegraph, accessed April 13, 2024
https://cointelegraph.com/news/malaysian-sc-shariah-advisory-council-praises-crypto-s-great-potential

98- Reuters, "Indonesian Islamic body forbids crypto", CNN Sans, accessed April 13, 2024
https://edition.cnn.com/2021/11/11/business/indonesia-ulema-council-crypto-intl-hnk/index.html

۹۹- ادارے کے متعلق مزید معلومات ان کی آفیشل ویب سائٹ (ملحقہ ویب لنک) سے حاصل کی جاسکتی ہے۔
https://shariyah.net/

معاملات میں ہو وہ ناجائز ہو گی۔[۱۰۰] ڈاکٹر سعد بن ترکی الخثلان باقاعدہ انھیں زر اور کرنسی کے طور پر جائز قرار دیتے ہیں[۱۰۱] مفتی عبد القادر برکت اللہ بٹ کوائن کی مانند کرپٹو کرنسی کو نہ صرف جائز اور درست سمجھتے ہیں، بلکہ پروفیسر چارلز ایوانز کی رائے کو مد نظر رکھتے ہوئے ان کا موقف ہے کہ ایسی کرنسی اسلامی مالیاتی نظام میں مثبت طور پر مؤثر کردار ادا کر سکتی ہے۔[۱۰۲]

۵.۲– مجوزین اہل علم کے استدلالات

۵.۲.۱– معاملات میں اصل اباحت ہے

نصوص شریعت کی روشنی میں فقہا کا اخذ کردہ فقہی اصول ہے کہ اشیا میں اصل اباحت ہے، جب تک کوئی چیز / عمل / معاملہ واضح طور پر مسلمہ شرعی قواعد سے متصادم نہ ہو وہ مباح ہوتا ہے، اس اصول کے تحت ایسی ہر کرپٹو کرنسی کو بھی حلال اور جائز ہونا چاہیے، جو:

الف) لوگوں کی نظر میں قدر و قیمت رکھتی ہو

ب) آلۂ تبادلہ کے طور پر مقبول ہو

ج) قدر کا پیمانہ بن سکتی ہو

د) اور اشیاء کی قیمت کی نمائندگی کر سکتی ہو[۱۰۳]

۵.۲.۲– مال کی شرعی و فقہی تعریف کا صادق آنا

شرعی طور پر کسی بھی عقدِ معاوضہ کی درستی کے لیے سب سے بنیادی شرط عوضین کا مال ہونا ہے۔ بیع کی

۱۰۰– شبكة المجد، "هل يجوز الاستثمار في العملات الإلكترونية، أ.د. عبد الله السلمي"، یوٹیوب ویڈیو، ۲۸:۱، اگست ۰۹، ۲۰۲۰۔

https://www.youtube.com/watch?v=QKYhXIkPH94

۱۰۱– شبكة المجد، "حكم التعامل بالعملات الإلكترونية، أ.د. سعد الخثلان"، یوٹیوب ویڈیو، ۵۳:۳، اپریل ۰۴، ۲۰۲۳۔

https://www.youtube.com/watch?v=tCRhqcJowCU

102– Barkatulla, Mufti Abdul Kadir, "Crypto-currencies and Islamic Finance", ebrahimcollege.org.uk accessed April 21, 2024, https://ebrahimcollege.org.uk/how-does-sharia-view-crypto-currencies/

103– Mufti Muhammad Abu-Bakar, "Shariah Analysis of Bitcoin, Cryptocurrency, and Blockchain", published: April 5 2017, 16. available at:https://blossomfinance.com/bitcoin-working-paper

فقہی تعریف مال کا مال کے عوض تبادلہ ہے، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ کسی چیز کے ثمن یا زر بن سکنے کے لیے اس کا مال ہونا ضروری ہے:

الف) جس چیز کی طرف انسانی طبیعت مائل ہوتی ہو، اور

ب) ضرورت بر آری کے لیے اس کو قبضے میں رکھا جا سکتا ہو وہ "مال" ہے۔(۱۰۴)

مالی معاملات میں وسائط (Intermediaries) کے خاتمے، محدود رسد کے باعث افراط زر کے خطرے سے اور بلاک چین ٹیکنالوجی کی وجہ سے دھوکہ دہی سے محفوظ رہنے جیسے فوائد کو دیکھتے ہوئے کرپٹو کرنسیوں کی طرف انسانی طبائع کا میلان روز افزوں ہے، نیز کھاتے میں کرپٹو کرنسی کا انتقال اور کھاتے دار کی مرضی کے بغیر ان کے استعمال کا ممکن نہ ہونا مقبوض ہونے کی شرط کو پورا کرتا ہے، چناں چہ مال کی شرعی و فقہی تعریف کرپٹو کرنسی پر صادق آتی ہے۔(۱۰۵)

۵.۲.۳- فن معاشیات میں مذکور زر کی خصوصیات کا پایا جانا

ماہرین معیشت کے ہاں ہر وہ چیز زر بن سکتی ہے، جو

الف) آلۂ تبادلہ کے طور پر مقبول ہو

ب) قیمتوں کی پیمائش کا معیار ہو

ج) قدر کو محفوظ رکھنے کا ذریعہ ہو، اور

د) فوری تبدیلی کے قابل ہو، نیز مقبول ہونے کے لیے عمومی مقبولیت ضروری نہیں، کسی خاص علاقے یا کسی خاص طبقے میں بھی مقبولیت کافی ہے۔(۱۰۶)

ورچول کرنسیوں میں یہ تینوں ہی اوصاف موجود ہیں، اس لیے ماہرین معیشت کے مطابق وہ زر بن سکتی ہے۔(۱۰۷)

۵.۲.۴- شرع اسلامی کے مطابق زر کی خصوصیات کا پایا جانا

گو کہ لفظ ثمن کا اطلاق عمومی زر کے علاوہ ہر اس چیز پر ہو سکتا ہے جس کو معاملہ کنند گان نے کسی

104– Adam, "Bitcoin: Shariah Compliant?", 24.

۱۰۵– محمد اویس پراچہ، **ورچول کرنسیوں کی شرعی حیثیت**، ۱۲۱۔

۱۰۶– نفس مرجع، ۱۲۲۔

۱۰۷– نفس مرجع۔

سامان / مبیع کا عوض قرار دیا ہو، تاہم فقہی لٹریچر میں عام طور پر زر کے لیے نقد اور ثمن کے الفاظ استعمال ہوئے ہیں، فقہاے کرام کی تصریحات کے مطابق کسی چیز کے ثمن بمعنی زر بن سکنے کے لیے:

الف) قبولیت عامہ

ب) قیمت کا آلہ پیمائش ہونا اور

ج) قدر کا ذریعہ تحفظ ہونا ضروری ہے۔ چوں کہ یہ تینوں صفات ان کرنسیوں میں موجود ہیں، اس لیے فقہی لحاظ سے بھی ان پر زر کا اطلاق کیا جانا درست ہے۔[۱۰۸]

۵.۲.۵- معلوم، متقوم، موجود اور قابل انتفاع ہونا

ثمن کے متعلق فقہی جزئیات میں غور کیا جائے تو کسی چیز کے مبیع کا عوض اور ثمن بن سکنے کے لیے اس کا (الف) معلوم (ب) متقوم (ج) موجود (د) مقبوض اور (ھ) قابل انتفاع ہونا ضروری ہے۔[۱۰۹] کرپٹو کرنسی کی جنس اور قدر کا معلوم ہو سکتی ہے، لوگوں کے ان کی طرف میلان اور ان کے قابل انتفاع ہونے کے باعث کرپٹو کرنسی شے متقوم بھی ہے، جس طرح بجلی ایک ایسا عین موجود ہے جو اپنے اظہار کے لیے آلات کا محتاج ہے، اسی طرح یہ کرنسی بھی ایسا ہی عین موجود ہے جو اپنے اظہار کے لیے نیٹ ورک اور سوفٹ وئیر کا محتاج ہے، ایک کھاتے سے دوسرے کھاتے میں کرپٹو کرنسی کا ایسا انتقال کے اس کے بعد کھاتہ دار اس کو استعمال کر سکتا ہو، کرپٹو کرنسی کے بہر حال وجود رکھنے کی دلیل ہے، ان اوصاف کا پایا جانا کرپٹو کرنسی کے کسی مبیع کا عوض اور ثمن بننے کے لیے کافی ہے۔

۵.۲.۶- بہ طور زر مقبول ہونے کا تعامل اور اصطلاح ہونا

کسی چیز کے زر ہونے پر تعامل کا مطلب اس کا عمومی طور پر بہ طور زر استعمال ہے، جب کہ کسی چیز کے زر ہونے پر اصطلاح قائم ہونے کا مطلب لوگوں کا اس کے زر ہونے پر باہمی اتفاق ہے، امام ابو حنیفہؒ اور امام ابو یوسفؒ کے ہاں تو اگر کسی معاملے کے فریقین کسی چیز کو ثمن اور زر بنا لیں تو وہ ثمن بن جاتی ہے، جب کہ امام محمدؒ کے ہاں کسی چیز کے ثمن اور زر بننے کے لیے تعامل اور اصطلاح ضروری ہے، مفتی تقی عثمانی نے امام محمدؒ کی راے کو مفتی بہ قرار دیا ہے۔[۱۱۰] معلوم ہوا کہ بنیادی طور پر کسی چیز کے زر بن سکنے کا مدار حکومت کی طرف سے اس کو زر قرار دیے جانے

۱۰۸- نفس مرجع۔

۱۰۹- نفس مرجع، ۲۳۵۔

110- Adam, "Bitcoin: Shariah Compliant?", 16.

کے بجائے عوام میں اس کے بہ طور زر مقبول ہونے کا تعامل ہے۔ حکومتی اعتراف یا ریاستی قانون سازی اس زر کی مقبولیت بڑھانے کے کام تو آتا ہے، لیکن ماہرین معیشت اور فقہاے شریعت کی ذکر کردہ تفصیلات کے مطابق کسی چیز کا زر ہونا حکومتی اعتراف یا ریاستی قانون سازی پر موقوف نہیں، چناں چہ زر کی تاریخ سے واضح ہوتا ہے کئی چیزوں کا زر ہونا صرف عوام کے تعامل کی وجہ سے تھا، ریاست و حکومت کو ان کے اجرا سے کوئی سروکار نہیں تھا، قانونی حیثیت نہ ہونے کے باوجود بھی ان کا بہ طور زر استعمال رواج پذیر رہا ہے۔[۱۱۱] [۱۱۲] جس چیز کا اجرا حکومت بہ طور زر کرتی ہے وہ تو اپنی ابتدا ہی سے زر ہی ہے، تاہم کسی چیز کے بوجہ تعامل واصطلاح زر بننے کے لیے وقت درکار ہوتا ہے۔[۱۱۳] لہٰذا جب کرپٹو کرنسیوں کے آلۂ تبادلہ ہونے پر تعامل موجود ہے، تو محض حکومتی اعتراف یا ریاستی قانون سازی نہ ہونے کی وجہ سے انھیں زر قرار نہ دینا درست موقف نہیں۔

۵.۲.۷- مرکزی زری نظام کی افادیت کا حامل ہونا

فقہاے شریعت اور ماہرین معیشت کے ہاں مرکزی نظامِ زر کی حمایت کی وجوہات یہ ہیں:

الف) ایسے زر کو عوامی اعتماد حاصل ہوتا ہے۔

ب) ایسے زر کا انتظام اور اس کی نگرانی ایک ریگولیٹری فریم ورک کی تابع ہوتی ہے۔

ج) یہ ایک محفوظ نظام ہوتا ہے۔

د) یہ زر عمومی مقبولیت رکھتا ہے۔

ھ) ایسے زر کے ذریعے قیمتوں کے تعین میں سہولت ہوتی ہے۔

و) یہ زر لین دین کے لیے ایک آسان اور قابل عمل پیمانہ بن سکتا ہے۔

اگر کوئی لامرکزی زر ان خصوصیات کو مفید ہو تو کوئی وجہ نہیں کہ شرعِ اسلامی کی رو سے اسے ممنوع قرار دیا جائے۔[۱۱۴]

٦- مانعین و مجوزین کے استدلال کا تجزیہ اور ان پر نقد و تبصرہ

کرپٹو اثاثہ جات کی بابت شرعی و فقہی نقطۂ نظر سے شائع شدہ تحقیقات و مقالہ جات اور فتاوی ورسائل کی

۱۱۱- مرجع سابق، ۱۹۰۔

112- Adam, "Bitcoin: Shariah Compliant?", 17.

113- Ibid., 17.

114- Adam, "Bitcoin: Shariah Compliant?" 48.

صورت میں دست یاب لٹریچر میں جواز یا عدم جواز کے موقف کی وضاحت کے لیے عموما ان اثاثہ جات کی مختلف اقسام اور ان کی متنوع افادیت کو نظر انداز کرتے ہوئے علی الاطلاق حرمت یا حلت پر گفت گو کی گئی ہے، جو کہ تحقیق کار کی نظر میں ایک بڑا سقم ہے۔ افادیت اور تعامل کے متنوع پہلوؤں سے صرف نظر کرتے ہوئے کرپٹو اثاثہ جات کے علی الاطلاق حرام یا حلال ہونے کا موقف اختیار کرنا تحقیق کار کے مطابق درست نہیں، اس لیے کہ کرپٹو اثاثہ جات کی مختلف اقسام کے مابین فرق اور امتیاز کو ملحوظ رکھے بغیر ہونے والی گفت گو موضوع کو سمجھنے میں شدید ابہام اور نا قابل حل الجھن کا باعث بنتی ہے۔

زیر نظر مقالے کے تیسرے حصے میں نوعیت، افادیت اور پس پشت مادی اثاثہ یا کسی منفعت کے مقصود ہونے یا نہ ہونے کے اعتبار سے کرپٹو اثاثہ جات کی متعدد اقسام کا ذکر ہوا۔ چوں کہ ہماری تحقیق کا موضوع خاص "لامرکزی کرپٹو کرنسی(Decentralized Crypto Currency)" ہے، اس لیے چوتھے اور پانچویں حصے میں مانعین و مجوزین کے استدلال اور یہاں چھٹے حصے میں اس استدلال کے تجزیے اور اس پر نقد و تبصرے میں بھی صرف ان کرپٹو اثاثہ جات کو پیش نظر رکھا گیا ہے جن کا مقصد تخلیق اور مروجہ تعامل بنیادی طور پر کرنسی اور وسیلہ تبادلہ ہونا ہے، اور جنھیں اصطلاحی اعتبار سے "کوائن" کہا جاتا ہے۔ جیسا کہ پہلے ذکر ہو چکا ہے کہ کوائن ان کرپٹو اثاثہ جات کو کہا جاتا ہے جن کا لین دین زر کی حیثیت سے کسی معاملے کے عوض یا ٹرانزیکشن فیس کے طور پر ہوتا ہے اور جو وسیلہ تبادلہ کے علاوہ کسی اضافی افادیت کے حصول کے لیے مستعمل و متداول نہیں ہیں، چناں چہ این ایف ٹیز(NFTs) سمیت کرپٹو ٹوکنز کی جملہ اقسام ہمارے دائرۂ بحث سے خارج ہیں، نیز مرکزی اور حکومتی ضابطہ بندی کی پابند ہونے کی وجہ سے سینٹرل بینک ڈیجیٹل کرنسی (CBDC) بھی ہماری گفت گو کا حصہ نہیں، اب ذیل میں نکات وار ہم دو طرفہ استدلالات کا تجزیہ اور ان پر نقد و تبصرہ کریں گے:

۱۔ کیا معاملات کے باب میں شرعی اصولِ اباحت کی بنیاد پر کرپٹو کرنسی کا لین دین بھی مباح ہے؟ مجوزین کی جانب سے پیش کردہ یہ عمومی استدلال ہے، تاہم زیر بحث مسئلے میں یہ استدلال ان کے موقف کو کسی طرح تقویت فراہم نہیں کرتا، اس لیے کہ مانعین کو اس اصول کا نہ انکار ہے اور نہ اس سے اختلاف ہے، مجوزین و مانعین سب ہی کا موقف یہ ہے کہ یہ اصول مطلق نہیں بلکہ مقید ہے۔ معاملات کی جملہ صورتیں اس وقت تک ہی مباح ہیں جب تک وہ کسی شرعی کلیے و قاعدے سے متصادم نہ ہوں، جو صورت کسی شرعی کلیے و قاعدے سے متصادم ہو وہ مباح، اور اس اصول کے تحت شامل نہیں رہتی، کرپٹو کرنسی کے مسلمہ شرعی قواعد سے متصادم ہونے ہی کی وجہ سے مانعین اس کے عدم جواز کے قائل ہیں۔

۲– کرپٹو کرنسی "مال" ہے یا نہیں؟ زیر بحث مسئلے میں اختلاف کی بنیاد اگر اسی سوال کے جواب کو کہا جائے تو بے جا نہ ہو گا، مال کی تعریف کے بنیادی عنصر طبعی میلان کو جانچا جائے تو کرپٹو کرنسی کی جانب عمومی رجحان اور طبعی میلان کا انکار خلاف واقعہ ہے۔ جہاں تک فقہ حنفی کے مطابق "مال" کے مادہ / عین اور جوہر قائم بالذات ہونے کا تعلق ہے تو یقیناً یہ کرنسیاں اس معیار پر پوری نہیں اترتیں۔ اس کے جواب میں مجوزین کی طرف سے بجلی اور گیس کے فی زمانہ مال قرار دیے جانے کے حوالے سے [۱۱۵] یہ استدلال پیش کیا گیا ہے کہ یہ کرنسیاں بھی بجلی کی طرح ہی اپنی ذات رکھتی ہیں، لیکن اپنے اظہار کے لیے آلات کی محتاج ہوتی ہیں۔[۱۱۶] چوں کہ یہ اپنا مخصوص ڈیجیٹل وجود رکھتی ہیں، مخصوص ایڈریس کے ساتھ منسلک ہوتی ہیں اور ایڈریس کے مالک کے مکمل اختیار میں ہوتی ہیں، اس لیے ان کے ڈیجیٹل وجود کے مناسب ان کا احراز اور امساک بھی پایا جا رہا ہے، یوں بہ ظاہر "مال" ہونے کے جملہ اوصاف بہر حال ان کرنسیوں میں موجود ہیں۔

مانعین کی طرف سے ان کرنسیوں کو "مال" قرار نہ دیے جاسکنے کی ایک اور وجہ یہ بیان کی گئی ہے کہ سافٹ وئیر وغیرہ دیگر ڈیجیٹل اثاثوں کی اپنی افادیت ہوتی ہے، کوئی مقصد اور فائدہ ان سے حاصل ہوتا، جب کہ یہاں غور کیا جائے تو جس چیز کو کرنسی یا کوائن کہا جا رہا ہے یہ اپنی حقیقت میں محض ہندسے اور اعداد ہیں جن کی کوئی افادیت نہیں،[۱۱۷] "عدد" اپنی ذات میں مجرد ہوتا ہے، کسی چیز کی تعداد بتانے کے لیے استعمال ہوتا ہے اور اپنے معدود کی نمائندگی کرتا ہے، مثلاً "ا" سے کتاب، قلم، دوات، روپیہ وغیرہ کوئی نہ کوئی معدود مراد ہو گا، جب کوئی معدود نہ ہو تو "ا" محض ہندسہ ہے، اپنی ذات میں کوئی "چیز" نہیں۔ ان کرنسیوں میں اس ہندسے "ا" ہی کو "مال، کرنسی اور کوائن" کہنا، "فرض کرنا" ہی کہلائے گا، اس لیے یہ کرنسیاں "مال" نہیں، محض فرضی ہندسے ہیں۔ مجوزین کی طرف سے اس استدلال کے جواب یہ دیا جاتا ہے کہ یہاں "ا" کا ہندسہ درحقیقت پس منظر میں موجود بلاک چین میں محفوظ مخصوص کوڈ کی نمائندگی کرتا ہے، اس کوڈ نے اس ہندسے میں قدر پیدا کی ہے، اور اسی قدر کی وجہ

۱۱۵– اشرف علی تھانوی، **امداد الفتاوی**، کتاب الشرکۃ (کراچی: مکتبہ دار العلوم، ۲۰۱۰ء)، ۳: ۴۹۶؛ مفتی محمد تقی عثمانی، فقہ **البيوع على المذاهب الأربعة**، الباب الأول في تعريف البيع وركنه (کراچی: مکتبہ معارف القرآن)، ۱: ۲۷۔

۱۱۶– پراچہ، **ورچول کرنسیوں کی شرعی حیثیت**، ۲۳۷۔

117– Adam, "Bitcoin: shariah compliant?", 41.

سے اس ہندسے کی طرف طبعی میلان بھی ہے اور اس کا لین دین بھی عمل میں آرہا ہے۔(۱۱۸)

۳۔ کیا زر کی تخلیق اور اس کا اجرا و ترویج حکومتی اختیار ہے؟ جو مانعین ان کرنسیوں کو "مال" ہی نہیں سمجھتے ان کے ہاں تو یہ کرنسیاں "زر" بہ طریق اولی نہیں بن سکتیں تاہم وہ اپنے موقف کی مزید تقویت کے لیے ان کے زر نہ بن سکنے کی بابت یہ بھی استدلال کرتے ہیں کہ متعدد اہل علم کے ہاں کسی چیز کے زر ہونے کے لیے حکومتی ضمانت وحمایت ضروری شرط ہے، زر کے تخلیق واجرا کا اختیار ریاست کو حاصل ہے، عامۃ الناس کو یہ اختیار تفویض کرنا کئی مفاسد کا سبب بن سکتا ہے۔ مجوزین کو یہ تسلیم نہیں کہ "زر" قرار دیے جانے کا اختیار صرف حکومت یا ریاست کو ہے، بلکہ ان کے مطابق جملہ فقہی مکاتب فکر کے ہاں کسی چیز کے "زر" بننے کا مدار اس بات پر ہے کہ لوگ اس کو آلۂ تبادلہ کے طور پر استعمال کرتے ہوں، چوں کہ ان کرنسیوں کو بہ طور زر استعمال کیا جارہا ہے اس لیے یہ زر ہیں، ریاست کو یقیناً زر کے اجرا اور ترویج کا اختیار ضرور ہے، تاہم اگر لوگ باہمی اتفاق رائے سے کسی چیز کو آلۂ تبادلہ کے طور پر استعمال کر رہے ہوں تو ریاست کی طرف سے اجرا نہ ہونے کی وجہ سے ان کے "زر" ہونے کی حیثیت کو نقصان نہیں پہنچتا۔ اس کے زر ہونے کے لیے لوگوں کا تعامل کافی ہوتا ہے، البتہ یہ ضرور ہے کہ جعل سازی اور دھوکہ دہی کی روک تھام کے لیے ریاست کے جاری کردہ "زر" کی نقل تیار کرنے کی اجازت کسی شخص کو نہیں۔(۱۱۹)

۴۔ کیا قیمتوں کا غیر معمولی اتار چڑھاؤ ان کرنسیوں کے زر بننے سے مانع ہے؟ کچھ اہل علم کے ہاں یہ کرنسیاں مال تو ہیں، لیکن زر نہیں بن سکتیں، ان کا بنیادی استدلال یہ ہے کہ زر قدر کا تحفظ کرتا ہے اور اسی وجہ سے مؤخر ادائیوں کا معیار بن سکتا ہے۔ قیمت میں غیر معمولی اتار چڑھاو کے باعث یہ کرنسیاں انتہائی غیر مستحکم ہیں، اسی عدم استحکام کی وجہ سے زر کی ایک بنیادی صفت قدر کا تحفظ، ان کرنسیوں میں نہیں پائی جاتی، اس لیے انھیں زر قرار نہیں دیا جاسکتا،(۱۲۰) جو مجوزین ان کرنسیوں کے مال ہونے کے ساتھ ساتھ زر ہونے کے بھی قائل ہیں، ان کے ہاں اس استدلال کے جواب یوں دیا جاتا ہے کہ افراط زر کی صورت میں قدر کے عدم استحکام کا خطرہ تو زر اعتباری کو بھی ہے، جس کی کچھ واقعاتی مثالیں بھی وہ پیش

118– Ibid., 41.

۱۱۹– پراچہ، مرجع سابق، ۱۸۶۔

120– Adam, "Bitcoin: shariah compliant?", 42.

کرتے ہیں، اس لیے اتار چڑھاؤ کے باعث ان کرنسیوں کا تحفظِ قدر کے لیے غیر مستحکم ہونا ان کے زر بننے سے مانع نہیں۔ غور کیا جائے تو یہ جواب کچھ زیادہ قوی نہیں، اس لیے کہ کرپٹو کرنسیوں کے عدم استحکام اور زر اعتباری کے عدم استحکام کے امکان میں کوئی نسبت ہی نہیں، زر اعتباری میں غیر معمولی افراطِ زر کا اندیشہ اور عدم استحکام کا خطرہ ہے، اور اس کی واقعاتی مثالیں بہت کم ہیں، نیز زر اعتباری چوں کہ حکومتی وریاستی انتظام کے ماتحت ہوتی ہے اس لیے جوے سٹے کے ذریعے مصنوعی رسد وطلب پیدا کر کے ان کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ کی روک تھام حکومت وریاست کے اختیار میں ہوتی ہے۔ جب کہ ان کرنسیوں میں لحہ بہ لحہ ہونے والا اتار چڑھاؤ ایک واقعہ اور حقیقت ہے، اور چوں کہ یہ کرنسیاں لامرکزی ہیں، اس لیے جوے اور سٹے سے پیدا ہونے والی مصنوعی طلب ورسد کی وجہ سے پیدا ہونے والے کثیر الوقوع اتار چڑھاو کی روک تھام کا بھی کوئی بندوبست ممکن نہیں، اس لیے بجا طور پر کہا جا سکتا ہے کہ تحفظِ قدر کی صفت تاحال ان کرنسیوں کو حاصل نہیں اور اسی وجہ سے یہ "زر" نہیں ہیں۔

۵- کیا یہ کرنسیاں مقاصد شریعت سے متصادم ہیں؟ یہ مانعین کی طرف سے پیش کیا گیا بڑا قوی استدلال ہے، اسلامی نقطۂ نظر کے مطابق معاشی ترقی کے تین بنیادی عناصر ہیں:

(الف) حقیقی معیشت اور مادی اثاثہ جات کی لین دین کا فروغ

ب) انفرادی یا اجتماعی سطح پر نقصان دہ معاشی سرگرمیوں کی ممانعت

ج) معاشرتی اور معاشی انصاف کا قیام، قرضہ جاتی معیشت، سود، جوا اور سٹہ اور ایسی تمام مالیاتی وتمویلی سرگرمیاں جو حقیقی معیشت اور پیداوار میں اضافے کا باعث نہ بنیں

شرعِ اسلامی میں یا تو علی الاطلاق ممنوع یا کم از کم مکروہ ہیں، شرعِ اسلامی میں ان تمویلی سرگرمیوں کی حوصلہ افزائی کی گئی ہے جس کے نتیجے میں حقیقی معاشی نمو وترقی عمل میں آتی ہے، ان کرنسیوں کا لین دین اور ان میں سرمایہ کاری شرعِ اسلامی کے اس بنیادی نقطۂ نظر سے سراسر متصادم ہے، اس لیے کہ تاحال ان کرنسیوں کا عمومی لین دین آلۂ تبادلہ کے بجائے سٹہ بازی کے لیے ہو رہا ہے،[۱۲۱] جو ان کی

121– Adam, "Bitcoin: shariah compliant?", 44.
Will Canny, "Bitocoin isn't trading as a currency but as a speculative asset, Morgan Stanley", Coindesk, accessed April 13, 2024
https://www.coindesk.com/markets/2023/03/15/bitcoin-isnt-trading-as-a-currency-but-as-a-speculative-asset-morgan-stanley/

قیمتوں میں غیر معمولی اتار چڑھاؤ کا بنیادی سبب بھی ہے، اور اس غیر معمولی اتار چڑھاؤ کو مد نظر رکھتے ہوئے، جواز وعدم جواز کی بحث سے قطع نظر، مقاصد شرعیہ خمسہ میں سے مقصد حفظِ مال کا تقاضا بھی یہ ہے کہ ان کرنسیوں کے لین دین اور ان میں سرمایہ کاری سے پرہیز کیا جائے۔ مجوزین کی جانب سے اس استدلال کا کوئی خاطر خواہ جواب نہیں دیا گیا۔

۶۔ کیا ان کرنسیوں کی لین دین میں ضرر، غرر اور قمار ایسے ممنوعہ عناصر پائے جاتے ہیں؟ جہاں تک مائننگ کے عمل میں شریک لاکھوں سرمایہ داروں کے محروم ہونے کی صورت میں مائننگ پر اٹھنے والے اخراجات کے ضیاع کے بھاری نقصان کا تعلق ہے، تو چوں کہ بھاری منافع کے لیے بڑی تجارتی سرگرمیوں میں سرمایہ کاری کرنا اور نفع ونقصان کا خطرہ مول لینا تجارتی عمل کا حصہ ہے اس لیے ایسے ضرر کے احتمال کو کرپٹو کرنسی میں سرمایہ کاری کے جواز وعدم جواز سے کوئی تعلق نہیں، اسی طرح وجوہ واسباب سے قطع نظر اس کرنسی کے بازار میں ہونے والا اتار چڑھاؤ اور اس کی وجہ سے سرمایہ کاروں کو ہونے والا مالی نقصان بھی شرعی اعتبار سے ان کے عدم جواز میں موثر نہیں، اس لیے کہ معمولی یا غیر معمولی نفع ونقصان تجارتی سرگرمی کا حصہ ہوا کرتا ہے، البتہ مائننگ کے عمل میں بجلی کا بے تحاشا و بے دریغ استعمال اور اس استعمال کے نتیجے میں منفی موسمیاتی تبدیلی سمیت اجتماعی و عمومی انسانی مضرت کی وجہ سے مصلحت اور سد ذرائع کے شرعی اصول کے تحت ان کرنسیوں کے عدم جواز کا پہلو راجح معلوم ہوتا ہے۔ تاہم مائننگ اور پروف آف ورک الگورتھم کی وجہ سے توانائی کے بے تحاشا استعمال اور اس کے مضر اثرات سے بچنے کے لیے کئی ایک کرپٹو کرنسیوں میں مائننگ کی بجائے فورجنگ اور پروف آف اسٹیک الگورتھم کا طریقہ اختیار کیا گیا ہے، جس سے ممکنہ ومتوقع ضرر کا یہ تیسرا پہلو بھی کم زور ہو جاتا ہے۔

مانعین کی طرف سے ان کرنسیوں کی بابت غرر پائے جانے کی جو وجوہ بیان کی گئی ہیں وہ بھی قابل تأمل ہیں، اس لیے کہ (الف) عام وخاص کو ایسی کسی کرنسی کے اصول وضوابط کی جان کاری نہ ہونے کو غرر قرار دینا درست نہیں، کسی معاملے کے اصول وضوابط سے اگر عام لوگ ناواقف ہوں، تو یہ عمومی ناواقفیت اس معاملے میں علی الاطلاق غرر پیدا نہیں کرتی، (ب،ج) اسی طرح کسی جعل سازی، دھوکے بازی کے خطرات یا ہیکنگ کی وجہ سے کرنسیوں کے ضیاع کا خطرہ بھی غرر نہیں، اس لیے کہ اگر محض جعل سازی اور دھوکے بازی کو غرر کہا جائے تو شاید کوئی تجارتی اور کاروباری سرگرمی غرر سے

پاک نہیں کہلا سکے گی، نیز جس طرح چوری ڈکیتی کے ممکنہ خطرے کی وجہ سے روپے پیسے اور سونے چاندی رکھنے اور ان کی لین دین کو غرر کہنا درست نہیں، اسی طرح ہیکنگ کے خطرے کی وجہ سے کرپٹو کرنسی رکھنے یا اس کی لین دین کرنے کو غرر کہنا درست نہیں۔

کچھ مانعین کا خیال ہے کہ کرپٹو کرنسی میں سرمایہ کاری نہ صرف قمار (یعنی جوا) اور سٹہ ہے، بلکہ ان کی بدترین شکل ہے،[۱۲۲] جب کہ کچھ مانعین اس کو قمار کے مشابہ کہتے ہیں،[۱۲۳] یہ دونوں ہی آرا کم زور ہیں، اس لیے کہ قمار اور سٹے کی شرعی اصطلاحی تعریفات کرپٹو کرنسی میں سرمایہ کاری پر صادق نہیں آتی ہیں، سٹے میں حقیقی تجارتی سودا نہیں ہوتا ہے، بلکہ کسی چیز کو محض علامتی طور پر خرید و فروخت کے لیے متعین کیا جاتا ہے، بنیادی طور پر سٹے کی ممانعت، بیع معدوم اور بیع قبل القبض وغیرہ کی خرابیوں کی وجہ سے ہے،[۱۲۴] جب کہ قمار ایسی بازی لگانے کو کہتے ہیں جس میں یا تو مکمل سرمایہ ڈوبنے کا خطرہ ہو یا سرمائے کے ساتھ غیر معمولی نفع ملنے کی امید ہو، لاٹری، کسی کھیل میں جیتنے والے پر پیسے کی بازی لگانا، کسی معاملے میں دو طرفہ شرط لگانا، قمار کی مشہور مثالیں ہیں، ویسے تو اس کی لاتعداد صورتیں ہیں،[۱۲۵] کرپٹو کرنسی کے حقیقی سودے اور لین دین پر سٹہ یا قمار کی تعریف صادق نہیں آتی، اس لیے کہ عام طور پر یہاں سرمایہ کار کرپٹو کرنسی کو آلہ تبادلہ یا تجارتی اثاثے کے طور پر باقاعدہ خریدتا ہے، معاملہ مکمل ہونے کے بعد کرپٹو کرنسی کے یہ برقی ہندسے فروخت کنندہ کے برقی پتے کے ذریعے ناقابل رسائی ہو کر، بلاک چین میں خریدار کے پتے کے ساتھ باقاعدہ منسلک ہو کر صرف اسی کے پتے سے قابل رسائی ہوتے ہیں، اب ان ہندسوں کے منتقل کرنے کا مکمل اختیار خریدار کو حاصل ہو جاتا ہے، نیز حقیقی لین دین میں یہ برقی ہندسے مقصود لذاتہ ہوتے ہیں، انھیں آلۂ تبادلہ کے طور پر استعمال کیا جا سکتا ہے، اس لیے یہ محض لاٹری کے ٹکٹ کی طرح نہیں جو بذات خود مقصود نہیں ہوتا، بلکہ صرف پانسے کے طور پر استعمال ہوتا ہے، بہر صورت اس معاملے کو سٹہ یا قمار

۱۲۲۔ دیکھیے؛ فتوی؛ "کرپٹو کرنسی کے متعلق سوالات"، دار الافتاء جامعہ علوم اسلامیہ بنوری ٹاؤن، کے ساتھ ملحق ضمیمہ، ۲۶۔

۱۲۳۔ پراچہ، **اسلام میں ورچول کرنسی کی قانونی حیثیت**، ۲۲۷۔

۱۲۴۔ مفتی محمد تقی عثمانی، "موجودہ عالمی معاشی بحران اور اسلامی تعلیمات"، مشمولہ **فقہی مقالات** (کراچی: میمن اسلامک پبلشرز، ۲۰۱۲ء)، ۵: ۵۱۔

۱۲۵۔ مفتی محمد شفیع، "احکام القمار"، مشمولہ؛ **جواہر الفقہ** (کراچی: مکتبہ دار العلوم، ۲۰۱۰ء)، ۴: ۵۵۶– ۵۵۷۔

قرار دینا درست معلوم نہیں ہوتا۔ اگر کرپٹو کرنسی کا حقیقی سودا مقصود نہ ہو اور صرف اس کی قیمت پر سٹے بازی یا جوا کھیلا جائے تو یقیناً یہ معاملہ تو قمار ہوگا لیکن کرپٹو کرنسی کو پانسے کے طور پر استعمال کرنے کی وجہ سے خود کرپٹو کرنسی کی شرعی حیثیت متأثر نہیں ہوگی۔

جن اہل علم نے اس معاملے کو سٹہ کہا ہے، انھیں بہ ظاہر اس بات سے مغالطہ ہوا ہے کہ انگریزی زبان میں سٹے کا ترجمہ Speculation سے کیا جاتا ہے،[۱۲۶] اور انگریزی اصطلاح Speculation کا اطلاق ہر اس سرمایہ کاری پر ہوتا ہے جس میں غیر معمولی نقصان کا خطرے یا غیر معمولی نفع ملنے کی امید ہو،[۱۲۷] چوں کہ کرپٹو کرنسی کی مالیت میں بھی غیر معمولی اتار چڑھاؤ ہوتا ہے، اس لیے اس سرمایہ کاری کو بھی شرعاً ممنوعہ سٹہ بازی میں شامل سمجھا گیا ہے، حالاں کہ شرعی طور پر ممنوعہ سٹے بازی میں حقیقی سودے کے بجائے محض نام کا سودا، بیع معدوم اور بیع قبل القبض ایسی خرابیاں پائی جاتی ہیں، جب کہ یہاں گو برقی بلاک میں بند ہندسوں کا ہی سہی، باقاعدہ لین دین ہوتا، اور اس لین دین کے بعد ان ہندسوں میں تصرف کا اختیار فروخت کنندہ سے خریدار کو منتقل ہو جاتا ہے۔ اسی طرح قمار اس معاملے کو کہتے ہیں جو نفع اور نقصان کے درمیان دائر اور مبہم ہو اور اس میں اصل سرمائے ہی کے ضائع ہونے یا اصل سرمائے کے ساتھ غیر معمولی نفع ملنے کی امید ہو،[۱۲۸] کسی معاملے میں محض غیر معمولی اتار چڑھاؤ کی وجہ سے ہونے والے نفع یا نقصان کی بنیاد پر اس کو شرعاً قمار کہنا، یا کسی جائز چیز کو جوے کے پانسے کے طور پر استعمال کرنے کی وجہ سے خود اس جائز چیز ہی کو ناجائز قرار دینا شرعاً درست نہیں، اس لیے کرپٹو کرنسی کی لین دین پر شرعی اعتبار سے قمار، میسر اور جوئے کا اطلاق نہیں ہو سکتا۔[۱۲۹]

۷۔ کیا مذموم مقاصد اور جرائم کے لیے کرپٹو کرنسی کا استعمال ان کی شرعی حیثیت کو متأثر کرتا ہے؟ مانعین کے استدلال کے مطابق چوں کہ منی لانڈرنگ، ممنوعہ اشیا(منشیات، اسلحہ، جنسی و غیر اخلاقی مواد وغیرہ)

۱۲۶۔ محمد تقی عثمانی، "موجودہ عالمی معاشی بحران اور اسلامی تعلیمات"، مشمولہ **فقہی مقالات**،۵: ۵۱۔

127– James Chen, "Speculation, Trading With High Risks, High Potential Rewards," Investopedia, accessed April 13, 2024 https://www.investopedia.com/terms/s/speculation.asp

۱۲۸۔ تقی عثمانی، "موجودہ عالمی معاشی بحران اور اسلامی تعلیمات"، مشمولہ **فقہی مقالات**،۵: ۵۱۔

۱۲۹۔ فتوی؛ "کرپٹو کرنسی کے متعلق سوالات"، دار الافتاء جامعہ علوم اسلامیہ بنوری ٹاؤن۔

وخدمات (ہیکنگ، کریڈٹ کارڈ کی معلومات کی چوری وغیرہ) کی خرید وفروخت، تاوان اور بھتے کی وصول یابی، اور ٹیکس چوری ایسے مذموم مقاصد کے لیے کرپٹو کرنسی کا استعمال انتہائی موزوں اور سہل ہے اور عملی طور پر رائج بھی ہے، چناں چہ چینالسز (Chainalysis) کی رپورٹ کے مطابق سن ۲۰۲۳ء میں متوقع طور پر تقریباً چوبیس ارب ڈالرز کی مالیت کے بقدر کرپٹو کرنسی غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث ایڈریسز (Adresses) کو موصول ہوئی ہیں،[۱۳۰] اس لیے سد ذریعہ کے شرعی اصول کا تقاضا ہے کہ کرپٹو کرنسی کے لین دین کو یکسر ممنوع قرار دیا جائے تاکہ مذکورہ غیر شرعی وغیر انسانی سرگرمیوں کی روک تھام ہوسکے۔ گو کہ موجودہ صورت حال میں کرپٹو کرنسی کے لین دین کو قانونی طور پر ممنوع قرار دینے کے لیے یہ استدلال اپنی جگہ نہایت قوی ہے، تاہم کسی چیز کا ناجائز مقاصد کے لیے استعمال ہونا اس کی اپنی شرعی حیثیت کو بہر حال متاثر نہیں کرتا، اسمگلنگ قانونی طور پر نہ صرف ایک جرم ہے، بلکہ ملکی مفاد کو خاطر خواہ نقصان پہنچنے کی وجہ سے سنگین جرم قرار دیے جانے کے قابل ہے، لیکن اس کی وجہ سے اسمگل کی گئی حلال وجائز چیز ہی کو حرام وناجائز قرار نہیں دیا جاسکتا ہے، چناں چہ مذکورہ نادرست استعمال کی روک تھام کے لیے یہاں بھی زیادہ سے زیادہ کرپٹو کرنسی کے لین دین کو قانونی طور تو ممنوع کہا جاسکتا ہے، شرعی طور پر ناجائز اور حرام قرار نہیں دیا جاسکتا ہے۔ مزید یہ کہ عالمی سطح پر کئی ممالک میں ایسے انتظامی قوانین متعارف کروائے جارہے ہیں جن کے ذریعے کرپٹو کرنسی جرائم کی روک تھام میں مثبت پیش رفت ممکن ہوسکے گی، چناں چہ ۲۰۲۳ء میں غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث ایڈریسز کو موصول ہونے والے چوبیس ارب ڈالرز مالیت کی کرپٹو کرنسی؛ ۲۰۲۲ء میں ان ایڈریسز کو موصول ہونے والی تقریباً انتالیس ارب ڈالرز مالیت کی کرپٹو کرنسی سے تقریباً پندرہ ارب ڈالرز کم ہے، اور اس میں مزید کمی لانے کے لیے بھی انتظامات کیے جارہے ہیں۔[۱۳۱]

130– Chainalysis Team, "2024 Crypto Crime Trends…", Chainalysis, accessed April 13, 2024 https://www.chainalysis.com/blog/2024-crypto-crime-report-introduction/

131– Binance Blog, "The Decline of Crypto Crime in 2023", Binance.com, accessed April 13, 2024 https://www.binance.com/en/blog/ecosystem/crypto-crime-was-down-in-2023--heres-how-binances-efforts-contributed-to-this-trend-3697721049614502490

۷۔ نتائج بحث

دو طرفہ مستدلات کے تجزیے کی روشنی میں مقالہ نگار جن نتائج تک پہنچا ہے وہ یہ ہیں:

الف) کسی مبیع کے "عوض / ثمن" بننے کے لیے اس کی کوئی مخصوص شکل وصورت شرعِ اسلامی نے متعین نہیں کی، ہر "مال متقوم" کسی بھی دوسرے "مال متقوم" کا عوض / ثمن بن سکتا ہے، اور ہر وہ چیز جس کی طرف عامۃ الناس کا طبعی میلان ہو وہ "مال" ہے، کوئی شخص اپنا کوئی قیمتی سامان؛ کم قیمت مٹی یا بے قیمت کوڑا کرکٹ کے عوض بھی فروخت کرنا چاہے تو اس شخص کو مشورہ تو دیا جاسکتا ہے کہ وہ ایسا گھاٹے کا سودا نہ کرے، لیکن اس خرید وفروخت کو اصولِ شریعت کی روشنی میں ناجائز نہیں کہا جاسکتا۔

ب) کرپٹو کوائن / ٹوکن کی طرف انسانی طبعی میلان کا یہ عالم ہے کہ اس وقت کرپٹو بازار کا مالیاتی حجم تقریبا ۲.۱۹ ٹریلین ڈالرز ہے، دنیا بھر میں ۲۱۶ کرپٹو ایکسچینجز فعال ہیں (۱۳۲) اور آج یکم مئی ۲۰۲۴ء کو بوقت ساڑھے بارہ بجے، ۶.۳۳ فیصد خسارے کے باوجود، گزشتہ چوبیس گھنٹے میں کرپٹو بازار میں ہونے والے کاروبار کا حجم ۹۱.۲۸ بلین ڈالرز ہے، ایسی صورت حال میں کرپٹو کرنسی "مال" ضرور ہے، اور شراب، خنزیر، خون وغیرہ کی طرح بذاتہ محرمات سے نہ ہونے کی وجہ سے "متقوم" بھی ہے۔

ج) کسی چیز کے "مال" بن سکنے کے لیے "عینیت"، "حیازت" اور "امساک" مخصوص شرائط کے پائے جانے کا ضروری ہونا اور کرپٹو کرنسی میں ان شرائط کے نہ پائے جانے کی وجہ سے ان کے "مال" قرار نہ دیے جانے کا موقف اس وجہ سے کم زور معلوم ہوتا ہے کہ فی زمانہ بجلی، گیس وغیرہ سمیت کئی ایک قائم بالغیر منافع کو اس کے مناسب کسی مخصوص شکل میں "حیازت" کی شرط کے پورا ہونے کی وجہ سے متفقہ طور پر "مال" تسلیم کیا گیا ہے۔

د) البتہ جس طرح جعل سازی، فریب دہی سے بچاؤ اور لوگوں کے اموال کے تحفظ کے لیے پہلے سونے، چاندی کے زری سکے ڈھالنے اور پھر عرصہ بعد کاغذی دستاویز کے بہ طور کرنسی جاری کرنے کا اختیار فرد

News, European Parliament, "Crypto-assets: green light to new rules for tracing transfers in EU", accessed April 13, 2024
https://www.europarl.europa.eu/news/en/press-room/20230414IPR80133/crypto-assets-green-light-to-new-rules-for-tracing-transfers-in-the-eu

132– https://www.coingecko.com/en/exchanges

وجماعت کے بجائے، حکومت وریاست کے ساتھ مخصوص ہو گیا تھا، بعینہ اسی سبب کے باعث ڈیجیٹل کرنسی کا مرکزی (Centralized) ہونا اور اس کے اجرا کا اختیار بھی حکومت کے ساتھ مخصوص ہونا ضروری ہے، بہ صورت دیگر کرپٹو کرنسی کی موجودہ لامرکزی صورت حال میں جب کہ ان ہندسوں کے پیچھے نہ کوئی مادی اثاثہ ہے اور نہ ہی ریاست وحکومت کی ضمانت واعتماد کی شکل میں کوئی ولایت حاکمہ ہی موجود ہے، غیر معمولی جعل سازی وفریب دہی، ہیکنگ اور پونزی اسکیموں وغیرہ کے ذریعے لوگوں کے اموال کے ضیاع کا نہ صرف خطرہ ہے، بلکہ ایسے کئی ایک ناخوش گوار واقعات پیش آچکے اور آرہے ہیں۔

ھ) جرائم پیشہ افراد انفرادی واجتماعی طور پر مضرت رساں سرگرمیوں، مثلاً منی لانڈرنگ، ڈارک نیٹ مارکیٹ میں ہونے والی لین دین وغیرہ میں اس ذریعہ تبادلہ کو استعمال کر کے عالمی سطح پر انسانیت کو نقصان پہنچا رہے ہیں، عالمی تحقیقاتی اداروں کی پڑتال کے مطابق ایسی سرگرمیوں کا تناسب کم ہی سہی، تاہم بہرحال ایسی سرگرمیاں جاری وساری ہیں۔

و) نیز حقیقی معیشت اور مادی اثاثوں کی شکل میں نمو اور ترقی کی بجائے محض ہندسوں کے اس کاروبار کے مقاصد شریعت سے متصادم ہونے کے باعث، سدذریعہ کے شرعی وفقہی اصول کے مطابق کرپٹو کرنسی کے تعامل پر قانوناً پابندی عائد کیا جانا، مقالہ نگار کی رائے کے مطابق ایک انتہائی ضروری اور ناگزیر اقدام ہے۔

ز) جن ممالک میں تاحال کرپٹو کرنسی کا بہ طور زر استعمال غیر قانونی ہے، وہاں تو اسمگلنگ وغیرہ جیسی غیر قانونی سرگرمیوں کی طرح، ملکی قانون کی خلاف ورزی، ملکی مفادات کو نقصان پہنچانے، پکڑے جانے کی صورت میں سزا ملنے اور عزت کے خطرے میں پڑنے کی وجہ سے بھی کرپٹو کرنسی کا لین دین ناجائز ہوگا۔ (۱۳۳)

ح) مزید یہ کہ کرپٹو کرنسی کے لین دین کو جائز سمجھنے والے کچھ اہل علم کے مطابق بھی اس وقت کرپٹو بازار میں ہونے والی نوے فیصد ٹریڈنگ شرعی اعتبار سے ناجائز ہی ہے، مفتی محمد ابو بکر نے ۲۰۱۸ء میں لکھے اپنے مقالے میں مسلم کمیونٹی کو خاص طور پر خبردار کیا تھا کہ وہ کرپٹو کرنسی میں "حلال سرمایہ کاری" کے عنوان سے مشتہر ہونے والی اسکیموں سے بچیں، مناسب انتظامی قانون سازی نہ ہونے کی وجہ سے ایسی جعل سازی کے خطرات اب بھی موجود ہیں، اس لیے کم از کم فی الوقت تو کرپٹو کرنسی میں سرمایہ کاری نہ کرنا ہی مجوزین اور مانعین سب ہی کی آرا کے مطابق؛ ایک مناسب، محتاط اور مستحسن اقدام ہے۔

۱۳۳- دیکھیے: رشید احمد لدھیانوی، **احسن الفتاوی**، فتوی بابت؛ اسمگلنگ (کراچی: ایچ ایم سعید، ۱۴۲۵ھ)، ۸: ۹۵۔

List of Sources in Roman Script

- ‘Abdullah b. Sulayman b. Manī‘, *Al-Waraq al-Naqdi: Tarīkhuhu, Haqīqātuhu, Qīmatuhu, Hukmuhu*, Riyadh, 1984 A.D.
- Al-Fayyūmī, Ahmad b. Muhammad b. ‘Ali, *Al-Mibāh al-Munīr fi Gharīb al-Sharh al-Kabīr*, Beirut: Dar al-Kutub al-‘Ilmiyyah, 1418 A.H.
- Al-Ghazālī, Muhammad b. Muhammad, *Ihyā ‘Ulūm al-Dīn*, Cairo, Dar al-Sh’ab 2015 A.D.
- Al-Hamawi, Ahmad b. Muhammad al-Hanafi, *Ghamz ‘Uyūn al-Basāir,* Beirut: Dar al-Kutub al-‘Ilmiyyah, 1985 A.D.
- *Al-Mawsū‘at al-Fiqhiyyah*, Kuwait, Ministry of Awqāf and Religious Affairs, 1996 A.D.
- Al-Muttarrizi, Abu al-Fatah Nāsiruddin, *Al-Mughrib fi Tartīb al-Mu’rib*, Syria, Maktabat Usama b. Zayd, 2020 A.D.
- Al-Nawawi, Abu Zakariah Yahya b. Sharaf, *Rawdah al-Talibīn,* Riyadh, Dar ‘Ālam al-Kutub, 2003 A.D.
- Al-Qadi Abu Ya’lā al-Farrā, Muhammad b. Husayn, *Al-Ahkām al-Sultāniyyah*, Beirut: Dar al-Kutub al-‘Ilmiyyah, 2000 A.D.
- Al-Ruwayfi‘ī, Jamāl al-Dīn b. Manzūr, *Lisān al-‘Arab*, Beirut: Dar al-Sadir, 1414 A.H.
- ‘Ali Haidar, *Durar al-Hukkām*, Riyadh, Dar ‘Ālam al-Kutub, 1991 A.D.
- Deobandi, Mufti Muhammad Shafi’, *Jawahir al-Fiqh*, Karachi, Maktabah Darul ‘Ulūm, 2010 A.D.
- Ibn-‘Ābidīn al-Shami, Muhammad Amīn, Riyadh, Dar ‘Ālam al-Kutub, 2003 A.D.

- Ibn Khallidūn, ʻAbd al-Rahmān, *Diwān al-Mubtada wa al-Khabar fi Tarīkh al-ʻArab wa al-Barbar wa man ʻĀsarahum min Dhawi al-Shaan al-Akbar*, Beirut, Dar al-Fikr 2001 A.D.
- Ibn-Nujaym, al-Hanafi, Zayn al-Dīn b. Ibrāhim, *Al-Bahr al-Rāīq*, Beirut: Dar al-Kutub al-ʻIlmiyyah, 2001 A.D.
- Ibn Qayyim al-Jawziah, Abu ʻAbdullāh Muhammad b. Abu Bakr, *I'lām al-Muwaqi'īn ʻan Rabb al-ʻĀlamīn,* Riyadh, Dar Ibn al-Jawzi, 1423 A.H.
- ʻIsmatullah, *Zar ka Tehqīqi, Mutāl'a,* Karachi, Idārat al-M'ārif 2009 A.D.
- Muhammad No'mān Asghar, *Islam Main Virtual Currency ki Qanūni Haythiat,* Ph. D dissertation, University of Management and Technology Lahore, 2018 A.D.
- Paracha, Muhammad Owais, *Virtual Currencion ki Shar'i Hathiyat*, Karachi 2018 A.D.
- Thanwi, Maulana Ashraf ʻAli, *Imdād al-Fatawa,* Karachi, Maktabah Darul ʻUlūm, 2010 A.D.
- Uthmani, Mufti Muhammad Taqi, *Fiqh al-Buyū ʻala al-Madhahib al-Arb'ah,* Karachi, Maktabah Ma'ārif al-Qurān 2015 A.D.
- Uthmani, Mufti Muhammad Taqi, *Fiqhi Maqālāt,* Karachi, Memon Islamic Publishers 2012 A.D.
- Ludhyānwi, Mufti Rashīd Ahmad, *Ahsan al-Fatawa*, Karachi, H.M Saeed, 1425 A.H.